₹ 15

RNI APBIL/2013/52697

Postal Regd: HSE/1004/2023-2025 DATE OF PUBLISHING: 25 & 26 DATE OF POSTING: 1st & 2nd EVERY MONTH

MONTHLY HYDERABAD

# SALSAAL E SAFA

ENGLISH & URDU JUNE-2023

BHIM UPI
BHARAT INTERFACE FOR MONEY UNIFIED PAYMENTS INTERFACE

Paytm

amazon

Scan & Pay with any App

sbmtrust@kotak

9394419816

www.safabaitulmaal.org

SBM
SAFA BAITUL MAAL

SAFA BAITUL MAAL RELIGIOUS & WELFARE TRUST
Account No. 9512124617, IFSC CODE : KKBK0007446
BANK : KOTAK MAHINDRA BANK, MALAKPET BRANCH

Address: Beside, Masjid-E-Alfalah, Wahid Nagar Old Malakpet, Hyderabad

www.alakramgraphics.in 7386460630

**Editor : Gayas Ahmed Rashadi**

Printed, Published & owned by Gayas Ahmed Rashadi,
Published at 16-9-408/P/45, Old Malakpet, Hyderabad -5000 36 (T.S.),
Printed at Sri Sai Process Multi Color Offset Printers, 3-4-612/1, Narayanguda, Hyderabad-500029.

Under the management of

# SAFA BAITUL MAAL

Religious and Welfare Trust

## *An Overview*

Registered No. 93/2016. Year of Establishment: 2006 AD/ 1427 H

Address: 16-9-408/P/45, Beside Masjid Al-Falah, Wahed Nagar, Old Malakpet, Hyd-36

Phone Nos. 040-24551319, 9394419820

## Branches of Safa Baitul Maal in the 4 States of India

### Telangana State Andhra Pradesh

- Warangal
- Adilabad
- Medak
- Zaheerabad
- Utnoor
- Karimnagar
- Nalgonda
- Khanapur
- Bhainsa
- Gooty
- Sadasivpet
- Karnool
- Peddapalli

### Karnatak

- Bangalore
- Bidar
- Sagar
- Gulbarga
- Shimoga
- Hasan
- Dharwad
- Raichur
- Chincholi
- Chittapur
- Bharavati
- Kushtagi
- Shahabad
- Hamnabad
- Chikmagalur
- Hubli

### Maharahtra

- Osmanabad
- Jintur
- Manwath
- Latur
- Mangalegaon
- Parbhani
- Dhad
- Aurangabad
- Jalna
- Buldana
- Nagpur
- Nanded

**Editor: Gayas Ahamed Rashadi**


## Advisory Council

| | |
|---|---|
| General Secretary | Moulana Fasihuddin Nadvi Sahab |
| Secretary | Moulana Mohammad Musaddiq-ul-Qasmi Sahab |
| Treasurer | Moulana Waseem-ul-Haq Nadvi Sahab |
| Vice President | Mufti Mohammed Abdul Muhaimin Azhar-al-Qasmi |
| Joint Secretary | Moulana Abdullah Maaz Sahab Husami |

# SALSAAL E SAFA

**Monthly, Hyderabad**

**SAFA BAITUL MAAL - Religious and Welfare Trust**

**Magazine in English & Urdu**

| Volume (11) | Issue (06) | Pages (44) |
|---|---|---|
| Editor : Gayas Ahmed Rashadi | June 2023 | Price Rs.15/- |


## Contents


| | |
|---|---|
| Changing circumstances and our responsibilities<br>*Moulana Gayas Ahmed Rashadi* | 40 |
| Safa Diary | 39 |
| Welfare Services of Safa Baitul MaaL's Branches | 35 |



**Printed, Published & owned by**

**Gayas Ahmed Rashadi**

**Published at 16-9-408/P/45, Old Malakpet, Hyderabad-5000 36, (A.P) and**

**Printed at Sri Sai Press Multi Colour Offset Printers,**

**3-4-612/1, Narayanguda, hyderabad - 500 029.**

Editorial

# Changing circumstances and our responsibilities

**Moulana Gayas Ahmed Rashadi**

In the country where we Muslims live, the responsibility of both commoners and elites has increased manifold. We are now the target in this country, and communal elements are working tirelessly to suppress Islam and destroy its identity by implementing numerous schemes. In such circumstances, despair and hopelessness are not the solutions to the problem; rather, the solution lies in turning towards our Lord, placing our trust in Him, and seeking His guidance to resolve the issues of our community. This world is a place of means where a believer is responsible for his actions, not the outcome; the outcome is in the Hands of Allah. However, it is the responsibility of the general public and the elites of the community to contemplate strategies and adopt measures. In general, in such circumstances, it is crucial for every class to make positive efforts on the grassroots level to connect and keep connected with the religion, or else, in times of trials and severe testing, it will become difficult for the common Muslims to hold onto their faith.

It is crucial to prioritise religious efforts towards those Muslims who are living at the lowest levels of poverty, those whose extreme destitution is making them susceptible to falling into any anti-Islamic turmoil or even into disbelief and apostasy. Particularly, there is a real need for religious efforts among women from the impoverished class, and it is essential to instil in them a love and desire for Islam. Apparently, most of the girls and women in predominantly Muslim areas are name-sake Muslims and far away from Islamic beliefs, Islamic worship, Islamic culture, Islamic society, and Islamic ethics and etiquette. They consider just wearing new clothes on Eid, cooking and eating something new and delightful on the occasion of Shab-e-Qadr and Shab-e-Barat, and following some non-Islamic traditions, customs and innovations as religion and they

are content with the fact that they are Muslims. In the waves of new trials and the tides of disbelief and apostasy, it is these women who are the first to be affected. Therefore, on a priority basis, there is a need to establish a system that reaches these illiterate and ignorant women and young girls who are away from Islamic teachings, and ensures that they remain connected to the religion.

# SAFA DIARY

## System to serve water in government hospitals throughout the year

In comparison to healthy individuals, sick people are more deserving of filtered water. Water is a need that does not have a season, the need for clean water in every season is a natural thing; in view of this need, Safa Baitul Maal has taken the initiative to install water plants in the important government hospitals of the city. Alhamdulillah, the first water plant was installed in the Osmania Hospital, where filtered water has been served to patients for the past fifteen years. After that, a water plant was installed in the Charminar Hospital. Alhamdulillah, on behalf of Safa Baitul Maal, the filtered water is being served consistently throughout the year. After that, a water plant was installed in the ENT Hospital Kothi and a water supply mechanism was started. There is a constant drinking water supply on a regular basis for the patients at these three hospitals. Apart from this, the representatives of Safa Baitul Maal are serving water to the thirsty sick in the Petla Burj Maternity Hospital. The superintendent of this hospital has requested Safa Baitul Mal to install a water plant here as well. Insha Allah, in the near future, a water plant will be installed in this hospital as well, where sick women and attenders who come from far away feel the intense need for filtered water; Insha Allah, Safa Baitul Maal will install a water plant very soon to quench their thirst. Moulana Gayas Ahmed Rashadi has said that since the first year of its establishment, Safa Baitul Maal has been providing cool and filtered water for travellers, patients and attenders in the summer season every year in the premises of

various major government hospitals in Hyderabad. Moulana has appealed to the virtue-seekers to give generous support to Safa Baitul Maal to carry out this service in a better way and to meet the expenses of the ongoing services. Please get in touch on mobile numbers 9394419820- 93944 19821 for contributions.

## Funeral of hundreds of deceased through 2 Ghusl Vans

There is a formal system under the funeral and burial department of Safa Baitul Maal to give a bath to the dead and facilitate this last journey of human life. Under this department of Safa Baitul Maal, various services are performed throughout the year. Due to space constraints in densely populated areas of the city, giving a bath to the dead has become a challenging issue. In view of this, Safa Baitul Maal started the services of these Ghusl Vans, in which all arrangements are made for the bath of the dead and facilitating the process of preparation and shrouding. Alhamdulillah, this service of Safa Baitul Maal has gained a lot of popularity among one and all. Hundreds of dead bodies have been given baths by these two vans so far and this process continues. Apart from this, the representatives of Safa Baitul Maal reach several places and give a bath to the dead; besides, female and male shroud sets are always available at the office of Safa Baitul Maal and they are issued free of charge for the deserving deceased. In the shroud set, along with all the required items, the good quality cloth is used to ensure the dignity of the deceased. The burial is also fully managed by the institution along with the funeral arrangements for the deserving and unclaimed deceased. On average, an expenditure of fifteen to twenty thousand rupees is incurred on an unclaimed dead body. On this occasion, Moulana Gayas Ahmed Rashadi, the president of Safa Baitul Maal India said in his press statement that Allah, the Lord of Majesty, has placed natural love and compassion within human beings, and therefore, Islamic Shariat has taught respect for humanity in every aspect of life. When a person departs from this world, it is the primary duty of humanity to show kindness and make their final journey easier by promptly

arranging for their funeral and burial. Moulana said that in the Ahadees of the Messenger of Allah (SAW), many virtues have been described for the believers for participating in the final journey stages of the deceased. If a believer has faith in the virtues of assisting in preparation for his brother's final journey and realises the importance and greatness of this act, he will not miss any opportunity to serve. Moulana has requested the virtue-seekers to give generous support to further strengthen these funeral services through Safa Baitul Maal and to contribute to its current budget. For contributions please get in touch on phone numbers: 9394419820 / 9394419821; our representatives will reach.

## Distribution of monthly grants to helpless widows, deserving poor and the disabled

Through Safa Baitul Maal India, food grants are issued after complete investigation to helpless widows, deserving people and poor disabled households living in different localities of Hyderabad. Safa Baitul Maal is providing full support to the deserving households with two or more disabled persons and they are also being helped from time to time. Therefore, during the current month, Rs.9000 to 3 helpless widows, Rs.3000 to a poor person and Rs.27000 to 6 poor disabled persons have been issued as grants. Likewise, a sum of Rs.48000 was issued as sponsorship of 3 deserving students.

## Miscellaneous Assistance

Through Safa Baitul Maal India, partial assistance is provided to distressed poor who require emergency assistance and the deserving people whose applications submitted at the head office of Safa Baitul Maal have been approved after investigation. Therefore, this month, assistance of Rs.88000 was provided to 9 deserving patients suffering from different diseases and 13 needy students were given Rs.77400. Similarly, a sum of Rs.70000 was given to 14 deserving widows and Rs.123822 was given to 25 poor people. Assistance of Rs.55000 was provided for the marriage of 6 deserving girls. Apart from this, a sum of Rs.90500 was spent on the distribution of meat to poor

households. Under the self-employment scheme, 8 needy people were given assistance of Rs.72039 for business.

## Services of Safa Diagnostic Centre

Through the Safa Diagnostic Centre established under the aegis of Safa Baitul Maal, all tests of blood and urine are done free of cost for the deserving patients who approach the Safa medical camps. Hence during this month, free tests have been done for 235 deserving patients incurring an expenditure of Rs.91250.

## Medical camps of Safa Baitul Maal

Through the Safa Mobile Clinic organised by Safa Baitul Maal, free medical camps are conducted in various slum localities of Hyderabad and Secunderabad where free diagnosis along with free medicines is provided to poor deserving patients; this apart, through Safa Diagnostic Centre, as required, ECG, all blood and urine examinations, etc. are also provided free of cost; through these camps of Safa Baitul Maal, people suffering from chronic ailments like diabetes, high blood pressure, thyroid are provided free medicines for a month. Hence during the current month, a total of 778 poor patients suffering from different diseases have been evaluated through 22 camps and they were also given medicines free of cost.


**Scrap Collection Campaign**

**Help the poor & needy people with unnecessary goods, please Donate your used items**

Just Make a Call, our vehicle will reach your home.

040-2455 13 19

939 441 9820

# WELFARE SERVICES OF SAFA BAITUL MAAL'S BRANCHES

## Welfare services of Medak branch

Through the Medak branch of Safa Baitul Maal, like each month, this month too, monthly grants were distributed to 236 deserving widows, poor and disabled persons. Grants of Rs.500 each to 198 women, Rs.1000 each to 25 women, Rs.750 each to 10 women and Rs.1500 each to 3 women totalling Rs.136000 were distributed. 3 grants of Rs.500 each have been added this month.

## Welfare services of Karimnagar branch

Through the Karimnagar branch of Safa Baitul Maal, like every month, this month too, monthly grants of Rs.500 each totalling Rs.40000 were distributed to 80 poor widows, disabled, poor and orphans. A sum of Rs.9000 was provided for treatment to 3 deserving sick people suffering from different diseases. Assistance of Rs.12000 was provided for the marriage of 4 poor girls. An expenditure of Rs.14500 was incurred on tailoring centres functioning under self-employment scheme for women. In view of summer, clean and cool water is being served to passengers at the bus stand at a daily expenditure of Rs.1500. A monthly advisory meeting of the members was held was held under the supervision of Moulana Mohammad Kazim-ul-Hussaini, the head of the branch, in which it was decided to follow all the instructions of the central Safa Baitul Maal in the future.

## Welfare services of Dhar branch

Through the Dhar branch of Safa Baitul Maal, like every month, this month too, grants of Rs.1000 each totalling Rs.7000 were given to 7 imams. Assistance of Rs.3500 was provided to 2 needy sick persons. Similarly, a sum of Rs.2000 was given for the operation of a deserving sick boy and another sum of Rs.40000 was given with assistance from a virtue-seeker. Assistance of Rs.2000 was provided for the marriage of a poor girl. As usual, 4 large animals were slaughtered and their meat was distributed in a Madrasa and to deserving villagers in the vicinity. On the occasion of Eid-ul-Fitr, Sheer Khorma kits

were distributed to 40 deserving households. A total sum of Rs.25000 was spent of the kits costing Rs.600 each.

## Welfare services of Hassan branch

Through the Hassan branch of Safa Baitul Maal, like each month, this month too, grants of Rs.400 each totalling Rs.26400 were distributed to 66 deserving widows. Likewise, monthly ration worth Rs.2200 was delivered to 2 disabled households. In addition, assistance of Rs.3600 was provided to 6 poor patients suffering from different diseases. A sum of Rs.1000 was given to a distressed person. Clean and cool water is being served near the government hospital.

## Welfare services of Chikmagalur branch

Through the Safa Clinic established under the Chikmagalur branch of Safa Baitul Maal, about 350 poor patients were diagnosed at a nominal fee of Rs.30 only and were given medicines and injections free of cost incurring an expenditure of Rs.18000.

## Welfare services of Bangalore branch

Through the Bangalore branch of Safa Baitul Maal, like each month, this month too, ration worth Rs.2100 each was distributed to 60 poor and deserving households. Likewise, grants of Rs.2000 each totalling Rs.12000 were distributed to 6 disabled persons. An average of 15 poor patients are benefiting from the Safa clinic daily and free medicines are given to the patients who have the Safa medical card issued by the clinic. A deserving cancer patient was given Rs.1000 for medicines. A passenger was given Rs.2000 as travel expenses.

## Welfare services of Aurangabad branch

Through the Aurangabad branch of Safa Baitul Maal, like each month, this month too, ration worth Rs.1000 each was distributed to 65 households of helpless widows and deserving disabled persons and grants of Rs.2000 each were distributed to 25 widows. Similarly, medicines worth Rs.3500 were given to 3 poor widows suffering from different diseases. Distribution of breakfast was carried out as usual in the cancer hospital of the city, at a cost of Rs.10100. Through the water plant located near the railway station of the city, 2000 litres of water is being served daily at the railway station, bus stand

and RTO office and different localities, on which an expenditure of Rs.16700 was incurred. This apart, through the Safa Clinic Kararpura, SBM Clinic Abrar Colony, Yashfeen Clinic Naregaun and Al-Rahman Clinic Garkhera, 7600 patients were diagnosed and essential medicines were also given free of cost to them. Besides, 350 patients were treated from Safa Dental Care Kararpura and SBM Dental Care Abrar Colony. A sum of Rs.87000 was spent on all these clinics in addition to the income earned from them. Also, a sum of Rs.24000 was spent on teachers' salaries and other expenses at the 5 tailoring centres, 1 mehndi class and 2 coaching classes functional under the branch. One more tailoring centre was established at Iqbal Nagar, Hersol. 5 small borewells were installed in the state of Bihar at a cost of Rs.35000.

## Welfare services of Sagar branch

Through the Sagar branch of Safa Baitul Maal, grant forms were distributed to 50 poor widows. Assistance of Rs.6000 was provided for the marriage of a deserving girl. A needy woman was given a sewing machine and was also given a tailoring certificate. A sick woman suffering from breathing problems was provided assistance to buy a machine worth Rs.55000. Every day, 2000 persons are using the clean and cool water of the refrigerator attached to the office branch.

## Welfare services of Juntur branch

Through the Juntur branch of Safa Baitul Maal, 50 kg of rice was given in the marriage of a deserving girl. A bicycle was given to a muezzin of the mosque. In view of summer, cool water jars were arranged in some mosques. Assistance of Rs.3400 was provided for installation of cameras in a mosque. A sum of Rs.1500 was given to 2 sick and disabled persons.

## Welfare services of Gulbarga branch

Through the Gulbarga branch of Safa Baitul Maal, like every month, this month too, grants of Rs.26900 were issued to 60 poor widows and disabled persons. A deserving student was given Rs.3000 for school fees. After the month of Ramzan, 5 free tailoring centres have been re-opened. A sum of Rs.7000 was given for the marriage of 2 poor girls.

## Welfare services of Sadashivpet branch

Through the Sadashivpet branch of Safa Baitul Maal, like earlier, this month too, grants of Rs.300 each totalling Rs.6300 were distributed to 21 poor widows and disabled persons. Assistance of Rs.1000 was provided for medicines to a deserving sick lady. A sum of Rs.5000 was spent on 3 tailoring centres functional under the self-employment scheme for women.

## Welfare services of Shahabad branch

Through the Shahabad branch of Safa Baitul Maal, monthly grants of Rs.500 each totalling Rs.5000 were distributed to 10 deserving women. Assistance of Rs.6000 was provided the marriage of 2 deserving orphan girls.

## Welfare services of Shimoga branch

Through the Shimoga branch of Safa Baitul Maal, like each month, this month too, grants of Rs.500 each totalling Rs.12500 were distributed to 25 poor widows. On the occasion of Eid-ul-Fitr, distribution of Eid kits worth Rs.40000 to 100 poor households took place. Assistance of Rs.2500 was provided for the treatment of a deserving child under treatment in a hospital.

## Welfare services of Utnoor branch

Through the Utnoor branch of Safa Baitul Maal, monthly grants of Rs.500 each totalling Rs.7500 were given to 15 deserving persons. The fifth batch of tailoring centre for women was launched. A monthly advisory meeting was held in which past performance was reviewed and future ambitions were set.

## Welfare services of Nagpur branch

Through the 3 clinics run by the Nagpur branch of Safa Baitul Maal, 2202 deserving patients were diagnosed free of cost and medicines were given free of cost. Similarly free blood tests of 106 persons was done through the Safa pathology lab and medicines were also given free of cost after diagnosis. 2 poor patients suffering from different diseases were evaluated free of cost and medicines were also given to them free of cost, on which an expenditure of Rs.7220 was incurred. A needy student was

given Rs.5000 towards fees. Assistance of Rs.6000 was provided for the marriage of 3 poor girls.

## Welfare services of Bhadrawati branch

Through the Bhadrawati branch of Safa Baitul Maal, monthly grants of Rs.400 each totalling Rs.2000 were issued to 5 poor households. Assistance of Rs.500 was provided to a deserving patient.

## Welfare services of Humnabad branch

Through the Humnabad branch of Safa Baitul Maal, a sewing machine was given to a deserving widow under the self-employment scheme.

## Welfare services of Chittapur branch

Through the Chittapur branch of Safa Baitul Maal, monthly grant of Rs.500 was provided to a poor widow. A fee of Rs.1000 was paid to the teacher of the school established under the branch.

## Welfare services of Kurnool branch

Through the Kurnool branch of Safa Baitul Maal, monthly grants of Rs.500 each totalling Rs.2500 were distributed to 5 deserving widows. Similarly, assistance of Rs.3000 was provided to 3 deserving female students.

## Welfare services of Gooty branch

Through the Gooty branch of Safa Baitul Maal, assistance of Rs.1350 was provided to a deserving student. Assistance of Rs.3600 was provided for the marriage of a poor girl.

## Welfare services of Chincholi branch

Through the Chincholi branch of Safa Baitul Maal, assistance of Rs.12000 was provided for the marriage of 2 deserving girls.

## Welfare services of Khanapur branch

Through the Khanapur branch of Safa Baitul Maal, like each month, this month too, grants of Rs.500 each totalling Rs.20000 were distributed to 40 poor widows. Household goods worth Rs.10000 were given in the marriage of 2 poor girls. A deserving sick boy was given Rs.2000 for treatment.

## Welfare services of Bhainsa branch

Through the Bhainsa branch of

Safa Baitul Maal, like each month, this month too, grants of Rs.300 each totalling Rs.33600 were distributed to 112 deserving widows and poor persons. Similarly, a person suffering from kidney disease was given Rs.2000 for treatment. A poor woman was given ration worth Rs.2000. Two water coolers were installed near the government area hospital. Blood was donated to 2 needy persons.

## Welfare services of Nalgonda branch

Through the Nalgonda branch of Safa Baitul Maal, like each month, this month too, monthly ration worth Rs.1900 each was distributed to 28 poor widows and disabled persons incurring an expenditure of Rs.56000.

## Welfare services of Warangal branch

Through the Warangal branch of Safa Baitul Maal, monthly grants along with fare totalling Rs.17000 were distributed to 50 deserving widows. Similarly, a household of three widows was given a monthly ration of Rs.2500. Also monthly ration of Rs.2000 was given to a labourer who suffered an accident. Assistance through 3 utensil sets and Rs.5000 cash was provided for the marriage of 4 deserving girls.

## Welfare services of Adilabad branch

Through the Adilabad branch of Safa Baitul Maal, monthly grants of Rs.500 each to 23 poor widows and disabled persons and Rs.1000 to a deserving person totalling Rs.12500 were distributed. On the occasion of Eid-ul-Fitr, Eid packages worth Rs.1000 each totalling Rs.20000 were distributed to 20 deserving households. A sum of Rs.2000 was given to a deserving woman suffering from cancer.

## Welfare services of Zaheerabad branch

Through the Zaheerabad branch of Safa Baitul Maal, monthly grants of Rs.400 each totalling Rs.8000 were distributed to 200 poor widows and disabled persons. A sum of Rs.4000 was contributed for the marriage of 2 deserving girls. A sum of Rs.10000 was given to 2 poor sick women for treatment. 1000 litres of clean and cool water is being served daily through water facilities. Summer

classes were started in Al-Aqsa Mosque in which 20 children are studying.

## Welfare services of Dharwad branch

Through the Dharwad branch of Safa Baitul Maal, like each month, this month too, monthly grants of Rs.500 to Rs.1000 were distributed to 15 deserving widows. A needy student was given an assistance of Rs.2000 for school fees. In view of the summer, clean and cool water is being served. Like earlier, this month too, the sick were inquired.

## Welfare services of Osmanabad branch

Through the Osmanabad branch of Safa Baitul Maal, monthly grants of Rs.500 totalling Rs.7500 were distributed to 15 disabled and deserving persons living in the surroundings of the town. 52 kg of rice was given for the marriage of a poor girl.

## Welfare services of Peddapalli branch

Through the Peddapalli branch of Safa Baitul Maal, like every month, this month too, grants of Rs.300 each totalling Rs.2100 were distributed to 7 poor widows. A sum of Rs.4000 was given for the marriage of a deserving girl.

## Welfare services of Nanded branch

Through the Nanded branch of Safa Baitul Maal, like every month, this month too, ration was delivered to the households of 27 poor widows and disabled persons. Besides, a grant of Rs.1000 was given to a destitute woman. The performance of students was evaluated at the Safa tailoring centre and they were awarded with certificates. Patients of the Universal hospital of the town were visited. Assistance of Rs.11000 was provided for the marriage of 2 poor girls. A deserving disabled person was given ration. On the occasion of Eid-ul-Fitr, 100 needy households were provided with Sheer Khorma stuff.

## Welfare services of Latur branch

Through the Latur branch of Safa Baitul Maal, a poor woman was given Rs.3000 for treatment. Partial assistance was provided for the marriage of 3 deserving girls. 30 women are receiving tailoring training at Safa tailoring centre.

# ریاست آسام میں صفا بیت المال اور
# منبر و محراب فاؤنڈیشن کے تحت مسجد کی تعمیر اور بورویلس کی تنصیب







ماہنامہ

حیدرآباد

# سلسالِ صفا

اُردو اور انگریزی

جون ۲۰۲۳ء

صفابیت المال انڈیا کے زیر اہتمام منظم انداز میں
علماء کرام کی نگرانی میں
مشترکہ قربانی اور دیہاتوں میں گوشت کی تقسیم

آپ کی قربانی

ہماری خدمت

غریبوں کا فائدہ

ہندوستان کی مندرجہ ذیل ریاستوں کے متعدد اضلاع کے سینکڑوں دیہاتوں میں گوشت کی تقسیم کا اہتمام
تلنگانہ، کرناٹک، مہارشٹرا، بہار، مغربی بنگال، مدھیہ پردیش وغیرہ

₹ 3000/-
فی حصہ

₹21000/-
فی جانور

نوٹ:
صرف ایسے حصے لئے جاتے ہیں جن کا گوشت مستحق غریبوں میں تقسیم ہوگا۔

ربط کریں : نمائندے پہنچ جائیں گے

939 44 19821 | 814 22 11111

ایڈیٹر : غیاث احمد رشادی

ایڈیٹر، پرنٹر، پبلیشر غیاث احمد رشادی نے سری سائی پریس ملٹی کلر آفسیٹ پرنٹرس نارائن گوڑہ حیدرآباد سے طبع کرواکر 16-9-408/P/45 قدیم ملک پیٹ حیدرآباد سے شائع کیا۔

# صفا بیت المال ریلیجئس اینڈ ویلفیر ٹرسٹ

رجسٹرڈ نمبر 93/2016 سن تاسیس :2006 سن عیسوی، 1427 سن ہجری

پتہ 16-9-408/P/45، متصل مسجد الفلاح، واحد نگر قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد۔36

فون نمبرات 040-24551319, 9394419820

## ہندوستان کی چار ریاستوں میں قائم صفا بیت المال انڈیا کی شاخیں

### ریاست تلنگانہ و آندھرا پردیش

- میدک ○ عادل آباد ○ ظہیر آباد
- کرنول ○ ورنگل ○ اُٹنور
- بھینسہ ○ کریم نگر ○ گتی
- نلگنڈہ ○ پدا پلی ○ خانہ پور
- سداسیو پیٹ

### کرناٹک

- شیموگہ ○ بنگلور ○ بیدر ○ گلبرگہ
- ہاسن ○ دھارواڑ ○ رائچور ○ ساگر

- چنچولی ○ ہبلی ○ چتاپور ○ شاہ آباد
- چکمگلور ○ کستگی ○ ہمنا آباد
- بھدراوتی

### مہاراشٹرا

- اورنگ آباد ○ عثمان آباد ○ ناندیڑ
- منچلے گاوں ○ جنتور ○ ناگپور ○ جالنہ
- پربھنی ○ بلڈانہ ○ مانوت
- دھاڑ ○ لاتور

**مدیر**: مولانا غیاث احمد رشادی صاحب

**مجلس مشاورت**: مولانا فصیح الدین ندوی صاحب جنرل سکریٹری ❖ مولانا محمد مصدق القاسمی صاحب سکریٹری ❖ مولانا وسیم الحق ندوی صاحب خازن ❖ مفتی محمد عبدالمہیمن اظہر القاسمی صاحب نائب صدر ❖ مولانا عبداللہ معاذ صاحب حسامی جوائنٹ سکریٹری

ماہنامہ
# سلسالِ صفا
حیدرآباد
اُردو اور انگریزی
جون ۲۰۲۳ء

جون ۲۰۲۳ء شمارہ (۶) جلد (۱۱) صفحات (۴۴) قیمت: ۱۵ر روپئے

## اس شمارے میں


| | | | |
|---|---|---|---|
| اداریہ | بدلتے حالات اور ہماری ذمہ داریاں | مولانا غیاث احمد رشادی | ۵ |
| وحی الٰہی | اختلاف وانتشار سے بچئے | مولانا سید احمد ومیض ندوی | ۶ |
| صفا کی ڈائری | صفابیت المال کے شعبہ جات کا تعارف اور ایک ماہ کی کارکردگی رپورٹ | ادارہ | ۸ |
| صفا کی ڈائری | شاخہائے صفابیت المال کی رفاہی خدمات | ادارہ | ۱۱ |
| شاہراہِ انسانیت | کورونا وائرس اور وبائی امراض حقائق، اسباب اور اسلامی ہدایات (سلسلہ وار) | مولانا سید احمد ومیض ندوی | ۱۷ |
| مضمون | حقوق العباد اور خدمتِ خلق احادیثِ شریفہ کی روشنی میں (سلسلہ وار) | مولانا غیاث احمد رشادی | ۲۲ |
| عجوہ اسلامی کوئز | | | ۲۸ |


ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر غیاث احمد رشادی نے سری سائی پریس ملٹی کلر آفسیٹ پرنٹرس نارائن گوڑہ حیدرآباد سے طبع کرواکر 16-9-408/P/45، قدیم ملک پیٹ حیدرآباد سے شائع کیا۔

اداریہ

# بدلتے حالات اور ہماری ذمہ داریاں

مولانا غیاث احمد رشادی

جس ملک میں ہم مسلمان زندگی بسر کررہے ہیں ہم مسلمانوں کے عوام وخواص کی ذمہ داری کئی گنا بڑھ چکی ہے۔ اس ملک میں اب ہم نشانہ پر آچکے ہیں اور فرقہ پرست طاقتیں اسلام اور مسلمانوں کی سرکوبی اور ان کے نام ونشان کو مٹانے اور ان کی شناخت کو ختم کرنے کیلئے سینکڑوں تدبیریں کررہے ہیں۔ ان حالات میں مایوسی، ناامیدی مسئلہ کا حل نہیں ہے بلکہ مسئلہ کا حل یہ ہے کہ ہم اپنے رب کی جانب رجوع ہوں اور اسی پر بھروسہ رکھیں اور اس سے ہمارے ملی مسائل کے مشاکل کا حل طلب کریں۔ یہ دنیا دارالاسباب ہے جہاں بندۂ مومن عمل کا مکلّف ہے نتیجہ کا نہیں، نتیجہ تو اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ البتہ یہاں تدبیروں پر غور کرنے اور ان تدابیر کو اختیار کرنے کی ذمہ داری امت کے عوام وخواص پر ہے۔ مجموعی طور پر ان حالات میں ہر طبقہ کو دین سے جوڑنے اور جوڑے رکھنے کی مثبت کوششیں میدانی سطح پر کرنا ضروری ہے، ورنہ آزمائش، سخت آزمائش یا جھنجوڑے جانے والے دنوں میں ایمان پر عام مسلمانوں کا باقی رہنا دشوار ہوجائے گا۔

ترجیحی طور پر اس وقت ان مسلمانوں پر دینی محنت کی جائے جو غربت کی نچلی سطح پر زندگی بسر کررہے ہیں جن کی غربت کی انتہاء انہیں کسی اسلام مخالفت فتنہ کا شکار بنارہی ہے یا کفر و ارتداد کے دروازے تک پہنچارہی ہے۔ بالخصوص غریب طبقہ کی ان خواتین پر دینی محنت کی حقیقی محنت کی ضرورت ہے اور ان میں دین اسلام کی محبت و رغبت پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ ظاہر ہے کہ مسلم اکثریتی والے سلم علاقوں کی نوجوان لڑکیوں اور خواتین اکثر و بیشتر نام کی مسلمان ہیں، اسلامی عقائد، اسلامی عبادات ، اسلامی کلچر، اسلامی سماج، اسلامی اخلاق و عادات بہت دور ہیں۔ وہ صرف عیدین پر نئے کپڑے پہننے، شب قدر اور شب برات کے موقع پر کچھ نئی اور عمدہ چیز پکا کر کھالینے اور کچھ غیر اسلامی روایات ورواج و بدعات کو دین سمجھ کر عمل کرلینے ہی کو دین اسلام سمجھ رہی ہیں اور اس پر خوش ہیں کہ وہ مسلمان ہیں۔ نئے نئے فتنے اور کفر و ارتداد کی لہروں کی زد میں ایسی خواتین ہی پہلے مرحلہ میں آجاتی ہیں۔ اس لئے ترجیحی بنیاد پر اِن اَن پڑھ، جاہل اور اسلامی تعلیمات سے دور خواتین و نوجوان لڑکیوں کو دیندار بنائے رکھنے اور ان تک پہنچ کر کوئی ایسا نظم قائم کرنے کی ضرورت ہے جس سے وہ دین سے جڑ جائیں اور جڑی رہیں۔

وحی الٰہی

# اختلاف وانتشار سے بچئے

مولانا سید احمد ومیض ندوی

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ (الانفال:۴۶)

اور آپس میں جھگڑا نہ کرو ورنہ ناکام ہوجاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی اور صبر کرو کہ اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

سورۂ انفال کی مذکورہ آیت میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو چند باتوں کی ہدایت فرمائی ہے بالخصوص ان حالات میں جب مسلمانوں کو دشمنانِ اسلام کے ساتھ مقابلہ درپیش ہو۔ ایمان والوں کی کامیابی چند باتوں پر منحصر ہے۔ (۱) دشمنوں کے مقابلہ میں ثابت قدمی کا مظاہرہ کرنا (۲) اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کریں (۳) آپس میں جھگڑا نہ کریں (۴) صبر کا دامن ہاتھ سے جانے نہ دیں۔ یہ چاروں ہدایات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ دشمنوں کے مقابلہ میں کامیابی کے لئے سب سے زیادہ اہمیت آپسی اتحاد ہے۔ واضح طور پر کہا جارہا ہے کہ آپس میں نزاع کروگے تو شکست کھا جاؤ گے اور ہوا اکھڑ جائے گی۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اتحاد قوت ہے اور انتشار کمزوری ہے۔ قرآنِ و سنت میں مسلمانوں کے آپسی اتحاد پر بار بار زور دیا گیا ہے۔ ایک موقع پر اتحاد کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمت قرار دیتے ہوئے یوں فرمایا: وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُم بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا (آل عمران:۱۰۳) اللہ کی نعمت کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے۔ اللہ نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی، پس تم اس کی مہربانی سے آپس میں بھائی بھائی بن گئے۔ دورِ جاہلیت میں صحابہ ایک دوسرے کے دشمن تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اسلام کی برکت سے انہیں ایک دوسرے کا بھائی بنادیا۔ تاریخ شاہد ہے کہ جب بھی مسلمان انتشار و تفرقہ کا شکار ہوئے دشمنوں نے انہیں صفحۂ ہستی سے مٹادیا۔ بغداد پر تاتاریوں کا حملہ عالم اسلام کا سب سے بڑا سانحہ تھا۔ تاتاریوں کو مسلمانوں پر جو فتح حاصل ہوئی اس کا بنیادی سبب مسلمانوں کا آپسی انتشار تھا۔ تاتاریوں

کے حملے میں پندرہ لاکھ مسلمان ذبح کردیئے گئے۔ اسی طرح ۱۴۹۸ء میں اسپین میں مسلم حکومت زوال سے دوچار ہوئی۔ اس کا سبب بھی مسلمانوں کا انتشار تھا۔ حالیہ عرصہ میں خلافتِ عثمانیہ کا زوال اور ۱۹۴۲ء میں اسرائیل کے قیام کے پیچھے بھی مسلمانوں کا تفرقہ کارفرما تھا۔

قرآن وسنت میں ان عوامل کی نشاندہی کی گئی ہے جو انتشار کا سبب بنتے ہیں۔ جس معاشرہ میں تکبر عام ہوگا وہاں کبھی اتحاد نہیں ہوسکتا۔ جس معاشرے میں چغل خوری، بغض، عناد اور دوسروں کے ساتھ بدخواہی عام ہوگی وہاں کبھی جوڑ پیدا نہیں ہوسکتا۔ اتحاد واخوت کے لئے معاشرہ کے تمام افراد میں آپسی محبت، خیر خواہی اور ایک دوسرے کے ساتھ ہمدردی ضروری ہے۔ نیز خود غرضی کا شکار سماج کبھی متحد نہیں ہوسکتا۔ اتحاد کے لئے ایثار اور ملی مفادات کے لئے ذاتی مفادات کی قربانی ضروری ہے۔ مفاد پرست اور خود غرض ہمیشہ امت میں انتشار کا سبب بنتے ہیں۔ اسی طرح اتحاد کے لئے اخلاص اور آپسی اعتماد ضروری ہے۔ ریاء اور نمود کے خواہشمند افراد ہمیشہ ملی اتحاد کو نقصان پہنچانے سے دریغ نہیں کرتے۔ الغرض محض نعرہ بازی سے ملی اتحاد کا خواب کبھی شرمندۂ تعبیر نہیں ہوسکتا، اس کے لئے طویل جدوجہد اور ایثار و قربانی کی ضرورت ہے۔


## صفا موبائیل کلینک کیمپس میں سینکڑوں غریب بیماروں کا روزانہ علاج

**دواؤں پر ماہانہ 700000 روپئے سے زائد کے اخراجات**

**تعاون کی اپیل**

صفا بیت المال کے زیر اہتمام ماہر ڈاکٹروں کے ذریعہ 26 غریب محلوں میں روزانہ میڈیکل کیمپ ہوتا ہے اور تقریباً 60 غریب بیماروں کا مفت معائنہ ہوتا ہے اور انہیں دوائیں بھی مفت دی جاتی ہیں۔ صرف دواؤں پر ماہانہ 700000 روپئے سے زائد کے اخراجات ہوتے ہیں۔

**اہل خیر حضرات سے اپیل کی جاتی ہے کہ دواؤں کی خریدی میں تعاون فرمائیں۔**

ربط کریں۔ نمائندے پہنچ جائیں گے:

9394419820 - 24551319 - 24551717

# صفا ڈائری

ادارہ

## صفا بیت المال کے تحت سرکاری دواخانوں میں سال بھر پانی پلانے کا نظم

صحت مند افراد کے مقابلہ میں بیمار زیادہ مستحق ہوتے ہیں کہ انہیں فلٹرڈ پانی پلایا جائے۔ پانی ایک ایسی ضرورت ہے جس کا موسم نہیں ہوتا، ہر موسم میں صاف پانی کی ضرورت فطری بات ہے، اسی ضرورت کے پیش نظر صفا بیت المال نے شہر کے اہم سرکاری دواخانوں مین واٹر پلانٹس نصب کرنے کا بیڑہ اٹھایا۔ الحمد للہ عثمانیہ دواخانہ میں سب سے پہلے واٹر پلانٹ نصب کیا گیا جہاں گزشتہ پندرہ سالوں سے بیماروں کے لیے فلٹرڈ پانی کا انتظام ہے۔ اس کے بعد چار مینار شفا خانہ میں واٹر پلانٹ نصب کیا گیا۔ الحمد للہ صفا بیت المال کی جانب سے یہاں بھی مستقلاً سال بھر فلٹرڈ پانی کا معقول انتظام کیا جارہا ہے۔ اس کے بعد ای این ٹی ہاسپٹل کوٹھی میں واٹر پلانٹ کی تنصیب عمل میں آئی اور مستقل پانی پلانے کا سلسلہ شروع کیا گیا۔ ان تینوں دواخانوں کے پیاسے بیماروں کے لیے مستقل بنیادوں پر پانی کا انتظام جاری ہے۔ اس کے علاوہ پیٹلہ برج زچگی خانہ میں بھی صفا بیت المال کے نمائندے پیاسے بیماروں کو پانی پلا رہے ہیں۔ اس دواخانہ کی سپرنٹنڈنٹ نے صفا بیت المال سے گزارش کی ہے کہ یہاں بھی واٹر پلانٹ نصب کیا جائے۔ ان شاء اللہ مستقبل قریب میں اس دواخانہ میں بھی واٹر پلانٹ نصب کیا جائے گا جہاں دور دور سے آنے والی بیمار خواتین و تیمارداری کرنے والی خواتین فلٹرڈ پانی کی شدت سے ضرورت محسوس کررہی ہیں ان کی پیاس بجھانے کے لیے صفا بیت المال ان شاء اللہ بہت جلد واٹر پلانٹ بھی نصب کردے گا۔ مولانا غیاث احمد رشادی نے کہا کہ صفا بیت المال نے اپنے قیام کے سال اول سے ہی شہر حیدرآباد کے مختلف بڑے سرکاری دواخانوں کے احاطہ میں سال بھر موسم گرما میں مسافروں، بیماروں اور تیمارداروں کیلئے ٹھنڈے اور فلٹر شدہ پانی کا انتظام کرتا آرہا ہے۔ مولانا نے اہلِ خیر حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ صفا بیت المال کی اس خدمت کی بہتر انداز میں ادائیگی اور جاری خدمات کے اخراجات کی پابجائی کیلئے فراخدلانہ تعاون کریں۔ تعاون کے لیے فون نمبرات 9394419820 یا 93944 19821 پر رابطہ کریں۔

# دومغسلہ ویانوں کے ذریعہ سینکڑوں میتوں کی تجہیز و تکفین

صفا بیت المال انڈیا کے شعبہ تجہیز تکفین و تدفین کے تحت میتوں کو غسل دینے اور انسانی زندگی کے اس آخری سفر کی سہولت کے ساتھ انجام دہی کے لیے باضابطہ ایک نظام مقرر ہے۔ صفا بیت المال کے اس شعبہ کے تحت سال بھر مختلف خدمات انجام دی جاتی ہیں۔شہر کی کثیر آبادی والے علاقوں میں جگہ کی تنگی کی وجہ سے غسل میت ایک پریشان کن مرحلہ بنا ہوا ہے۔ اسی کے پیشِ نظر صفا بیت المال نے ان مغسلہ بسوں کی خدمات کا آغاز کیا اس میں غسل میت کی ساری ترتیب بنی ہوئی ہے اور بہ آسانی تجہیز و تکفین کا مرحلہ انجام دیا جاتا ہے۔ الحمدللہ صفا بیت المال کی اس خدمت کو عوام وخواص میں کافی مقبولیت حاصل ہوچکی ہے۔ان دو بسوں کے ذریعہ تا حال سینکڑوں میتوں کو غسل دیا گیا ہے اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ علاوہ ازیں صفا بیت المال کے نمائندے متعدد مقامات پر پہنچ کر بھی میتوں کو غسل دیتے ہیں نیز دفتر صفا بیت المال پر زنانہ و مردانہ کفن سیٹ ہمیشہ دستیاب ہوتے ہیں اور مستحق میتوں کے لیے یہ مفت جاری کیے جاتے ہیں۔کفن سیٹ میں مطلوبہ تمام چیزوں کے ساتھ بہ طورِ خاص عمدہ کپڑے کا استعمال کیا جاتا ہے تا کہ میت کا احترام ملحوظ رکھا جاسکے۔ مستحق ولاوارث میتوں کے لیے تجہیز و تکفین کے ساتھ قبر کا بھی ادارہ کی جانب سے مکمل انتظام کیا جاتا ہے۔ اوسطاً ایک لاوارث میت پر پندرہ تا بیس ہزار روپیے خرچ ہوتے ہیں۔ مولانا غیاث احمد رشادی صدر صفا بیت المال انڈیا نے کہا کہ اللہ رب العزت نے انسانوں کے اندر فطرتاً محبت کے ساتھ ساتھ انسانیت کا درد بھی رکھا ہے اسی لیے شریعت اسلامی نے زندگی کے ہر شعبہ میں انسانیت کا احترام سکھایا ہے۔انسان جب دنیا سے چلا جاتا ہے تو ایسے وقت میں اس کے ساتھ احسان کرکے اس کے آخری سفر کو آسان بنانا اور اس کی تجہیز و تکفین کا فوراً بندوبست کرنا یہ انسانیت کا اولین فریضہ ہے۔مولانا نے کہا کہ احادیثِ رسول اللہ ﷺ میں موت کے بعد کے مراحل میں حصہ لینے پر مومنین کے لیے بہت سی فضیلتیں بیان کی گئی ہیں۔ ناگر مومن بندہ اپنے بھائی کے آخری سفر کی تیاری میں مدد کرنے کے فضائل کا یقین کرلے اور اس کی عظمت کو جان لے تو پھر کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دے گا۔مولانا نے صفا بیت المال کی جانب سے غسلِ میت کی ان خدمات کو مزید مستحکم کرنے اور اس کے موجودہ بجٹ میں تعاون کے لیے اہلِ خیر حضرات سے درخواست کی ہے کہ وہ فراخ دلانہ تعاون فرمائیں۔ تعاون کیلئے فون نمبرات: 9394419820 / 9394419821 پر ربط کریں نمائندے پہنچ جائیں گے۔

## بے سہارا بیواؤں اور مستحق غرباء و معذورین میں ماہانہ وظائف کی تقسیم

صفا بیت المال انڈیا کے زیر اہتمام شہر حیدرآباد کے مختلف محلّہ جات میں مقیم بے سہارا بیواؤں، مستحق افراد اور مفلوک الحال معذور خاندانوں میں مکمل تحقیق کے بعد ہر ماہ خوراکی وظائف دیئے جاتے ہیں۔ جن مستحق گھرانوں میں دو یا دو سے زائد معذورین ہوں ان گھرانوں کی مکمل کفالت صفا بیت المال کررہا ہے اور ان کی موقع بہ موقع امداد بھی کی جاتی ہے۔ چنانچہ اس ماہ 3 بے سہارا بیوہ کو 9000 روپئے، ایک غریب شخص کو 3000 روپئے اور 6 مفلوک الحال معذورین کو 27000 روپئے کے وظائف دیئے گئے۔ اسی طرح تین مستحق طلبہ کیلئے بطور کفالت 48000 روپئے امداد دی گئی۔

## متفرق امداد

صفا بیت المال انڈیا کے تحت ایسے مستحق و مفلوک الحال غرباء جنہیں ہنگامی طور پر امداد کی شدید ضرورت ہوتی ہے انہیں جزوی تعاون فراہم کیا جاتا ہے اور ہیڈ آفس پر تحقیق شدہ امداد کیلئے منظورہ درخواستوں میں سے حد درجہ مستحق افراد میں جزوی امداد دی جاتی ہے۔ چنانچہ اس ماہ مختلف بیماریوں میں مبتلا 9 مستحق بیماروں کو 88000 روپئے اور 13 ضرورتمند طلبہ کو 77400 روپئے امداد دی گئی۔ اسی طرح 14 مستحق بیواؤں کو 70000 روپئے اور 25 غریب افراد کو 123822 روپئے دیئے گئے۔ چھ مستحق لڑکیوں کی شادی میں 55000 روپئے کا تعاون کیا گیا۔ اسکے علاوہ غریب خاندانوں میں گوشت کی تقسیم پر 90500 روپئے خرچ کیئے گئے۔ خود روزگار اسکیم کے تحت 8 ضرورتمند افراد کو کاروبار کیلئے 72039 روپئے امداد دی گئی۔

## صفا ڈائیگناسٹک سنٹر کی خدمات

صفا بیت المال کی جانب سے قائم صفا ڈائیگناسٹک سنٹر کے زیر اہتمام منعقدہ مفت میڈیکل کیمپس سے رجوع ہونے والے مستحق بیماروں کے خون و پیشاب کے معائنہ مفت کیے جاتے ہیں۔ چنانچہ اس ماہ 235 مستحق بیماروں کے مفت معائنے کیے گئے، جس پر 91250 روپئے خرچ ہوئے۔

## صفا بیت المال کے میڈیکل کیمپس

صفا بیت المال کے زیر اہتمام صفا موبائیل کلینک کے تحت شہر حیدرآباد و سکندرآباد کی مختلف سلم بستیوں میں مفت میڈیکل کیمپس قائم کئے جاتے ہیں جہاں غریب و مستحق بیماروں کی مفت تشخیص کے علاوہ دوائیں بھی مفت فراہم کی جاتی ہیں نیز صفا ڈائیگناسٹک سنٹر کے ذریعہ حسب ضرورت ECG اور خون و پیشاب کے تمام ٹسٹ وغیرہ بھی مفت کئے جاتے ہیں۔ ان کیمپس سے دائمی بیماریوں میں مبتلا جیسے شوگر، بی پی، استھما وغیرہ سے متاثرہ مستحق بیماروں کو ایک مہینہ کی دوائیں دی جاتی ہیں۔ چنانچہ جاریہ ماہ 22 کیمپس سے مختلف بیماریوں میں مبتلا 778 غریب مریضوں کا معائنہ کیا گیا اور انہیں دوائیں بھی مفت دی گئیں۔

# شاخہائے صفا بیت المال کی رفاہی خدمات

## شاخ میدک کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ میدک کی جانب سے ہر ماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 236 مستحق بیواؤں اور غریب و معذور افراد میں ماہانہ وظائف تقسیم کئے گئے۔ 198 خواتین میں فی کس 500 روپئے، 25 خواتین میں فی کس 1000 روپئے اور 10 خواتین میں فی کس 750 روپئے اور 3 خواتین میں فی کس 1500 روپئے جملہ 136000 روپئے وظائف کی تقسیم عمل میں آئی۔ اس ماہ فی کس 500 روپئے تین وظائف کا اضافہ کیا گیا۔

## شاخ کریم نگر کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ کریم نگر کی جانب سے ہر ماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 80 غریب بیواؤں، معذورین، غرباء اور یتامیٰ میں فی کس 500 روپئے جملہ 40,000 روپئے ماہانہ وظائف کی تقسیم عمل میں آئی۔ مختلف بیماریوں میں مبتلا تین مستحق بیمار افراد کو علاج کیلئے 9000 روپئے دیئے گئے۔ چار غریب لڑکیوں کی شادی میں 12000 روپئے امداد دی گئی۔ خودروزگار اسکیم برائے خواتین کے تحت جاری ٹیلرنگ سنٹرس پر 14,500 روپئے خرچ کئے گئے۔ موسمِ گرما کے پیش نظر بس اسٹانڈ پر مسافروں کو صاف اور ٹھنڈا پانی پلایا جارہا ہے جس کا یومیہ خرچ 1500 روپئے ہے۔ ذمہ دار شاخ مولانا محمد کاظم الحسنی کی سرپرستی میں اراکین کا ماہانہ مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں مستقبل میں بھی مرکزی صفا بیت المال کی تمام ہدایات پر عمل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

## شاخ اورنگ آباد کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ اورنگ آباد کی جانب سے ہر ماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 65 بے سہارا بیواؤں، مستحق اور مفلوک الحال معذور خاندانوں میں فی کس 1000 روپئے مالیتی راشن اور 25 بیواؤں میں فی کس 2000 روپئے وظائف کی تقسیم عمل میں آئی۔ اسی طرح مختلف امراض میں مبتلا تین غریب بیواؤں کو 3500 روپئے مالیتی دوائیں دلائی گئیں۔ معمول کے مطابق شہر کے کینسر ہاسپٹل میں ناشتہ کی تقسیم عمل میں آئی، جس پر 10100 روپئے خرچ ہوئے۔ شہر اورنگ آباد کے ریلوے اسٹیشن کے قریب واقع واٹر پلانٹ کے ذریعہ ریلوے اسٹیشن، بس اسٹانڈ، آر ٹی او آفس اور مختلف آبادیوں میں روزانہ دو ہزار لیٹر صاف اور ٹھنڈا پانی تقسیم کیا جارہا ہے جس پر 16700 روپئے خرچ ہوئے۔ اس کے علاوہ شاخ کے تحت جاری صفا کلینک کراڑ پورہ، ایس بی ایم کلینک ابرار کالونی، یشفین کلینک نارے گاؤں اور الرحمٰن کلینک گارکھیڑہ سے 7600 بیماروں کی تشخیص کی گئی اور ضروری دوائیں مفت دی گئیں۔ اس کے ساتھ ساتھ صفا ڈینٹل کیئر کراڑ پورہ اور ایس بی ایم ڈینٹل کیئر ابرار کالونی سے

350 بیماروں کا علاج کیا گیا۔ ان تمام دواخانوں پر ان سے حاصل شدہ آمدنی کے علاوہ 87000 روپئے خرچ کئے گئے۔ نیز شاخ کے تحت جاری پانچ ٹیلرنگ سنٹرس، ایک مہندی کلاسڈ دو کوچنگ کلاسس اور اساتذہ کی تنخواہ اور دیگر اخراجات پر 24000 روپئے خرچ کئے گئے۔ اقبال نگر، ہرسول مزید ایک ٹیلرنگ سنٹر کا قیام عمل میں آیا۔ ریاست بہار میں 35000 روپئے کے اخراجات سے پانچ چھوٹے بورویلس نصب کئے گئے۔

## شاخ ظہیر آباد کی رفاہی خدمات

صفابیت المال شاخ ظہیر آباد کی جانب سے 200 غریب بیواؤں و معذورین میں فی کس 400 روپئے جملہ 8000 روپئے کے ماہانہ وظائف کئے گئے۔ دو مستحق لڑکیوں کی شادی میں 4000 روپئے کا تعاون کیا گیا۔ دو غریب بیمار خواتین کو علاج کیلئے 10000 روپئے دیئے گئے۔ آبدار خانوں کے ذریعہ روزانہ 1000 لیٹر صاف اور ٹھنڈا پانی پلایا جارہا ہے۔ مسجد اقصیٰ میں گرمائی کلاسس کا آغاز کیا گیا جس میں 20 بچے تعلیم حاصل کررہے ہیں۔

## شاخ ناندیڑ کی رفاہی خدمات

صفابیت المال شاخ ناندیڑ کی جانب سے ہرماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 27 غریب بیواؤں اور معذورین کے گھرانوں کو راشن کٹس پہنچائے گئے۔ اس کے علاوہ ایک لاوارث خاتون کو 1000 روپئے ماہانہ وظیفہ دیا گیا۔ صفا ٹیلرنگ سنٹر میں طالبات کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور انہیں اسناد سے نوازا گیا۔ شہر کے یونیورسل ہاسپٹل کے مریضوں کی عیادت کی گئی۔ دو غریب لڑکیوں کی شادی میں 11000 روپئے کا تعاون کیا گیا۔ ایک مستحق معذور شخص کو راشن دیا گیا۔ عیدالفطر کے موقع پر 100 ضرورتمند خاندانوں کو شیر خورمہ کا سامان پہنچایا گیا۔

## شاخ دھارواڑ کی رفاہی خدمات

صفابیت المال شاخ دھارواڑ کی جانب سے ہرماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 15 مستحق بیواؤں میں فی کس 500 اور 1000 روپئے کے ماہانہ وظائف تقسیم کئے گئے۔ ایک ضرورتمند طالب علم کو اسکول فیس کیلئے 2000 روپئے امداد دی گئی۔ موسمِ گرما کے پیش نظر صاف اور ٹھنڈا پانی پلانے کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ کی طرح اس ماہ بھی بیماروں کی تیمارداری کی گئی۔

## شاخ دھاڑ کی رفاہی خدمات

صفابیت المال شاخ دھاڑ کے زیراہتمام ہرماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 7 ائمہ کرام کو فی کس 1000 روپئے جملہ 7000 روپئے ماہانہ وظائف دیئے گئے۔ دو ضرورتمند بیمار افراد کو 3500 روپئے امداد دی گئی۔ اسی طرح ایک مستحق بیمار لڑکے کو آپریشن کیلئے 2000 روپئے اور اہل خیر کے تعاون سے مزید 40000 روپئے دیئے گئے۔ ایک غریب لڑکی کی شادی میں 2000 روپئے امداد دی گئی۔ معمول کے مطابق چار بڑے جانور ذبح کئے گئے اور ان کا گوشت ایک مدرسہ میں اور قرب و جوار کے مستحق دیہاتیوں میں تقسیم کیا

گیا۔ عیدالفطر کے موقع پر 40 مستحق گھرانوں میں شیر خورمہ کے کٹس تقسیم کئے گئے۔ فی کٹ کی قیمت 600 روپئے جملہ 25000 روپئے خرچ ہوئے۔

## شاخ ہاسن کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ ہاسن کی جانب سے ہر ماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 66 مستحق بیواؤں میں فی کس 400 روپئے جملہ 26400 روپئے وظائف کی تقسیم عمل میں آئی۔ اسی طرح دو مستحق معذور گھرانوں کو 2200 روپئے کا ماہانہ راشن پہنچایا گیا۔ نیز مختلف بیماریوں میں مبتلا 6 غریب بیماروں کو 3600 روپئے امداد دی گئی۔ ایک پریشان حال شخص کو 1000 روپئے دیئے گئے۔ سرکاری دواخانہ کے قریب صاف اور ٹھنڈا پانی پلایا جارہا ہے۔

## شاخ چکمگلور کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ چکمگلور کی جانب سے

صفا کلینک میں صرف 30 روپئے برائے نام فیس پر تقریباً 350 غریب بیماروں کی تشخیص کی گئی اور انہیں دوائیں اور انجکشن مفت دیا گیا جس پر 18000 روپئے خرچ کئے گئے۔

## شاخ بنگلور کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ بنگلور کی جانب سے ہر ماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 60 غریب و مستحق گھرانوں میں فی کس 2100 روپئے مالیتی راشن پیکیج تقسیم کئے گئے۔ اسی طرح 6 معذور افراد میں فی کس 2000 روپئے جملہ 12000 روپئے ماہانہ وظائف کی تقسیم عمل میں آئی۔ صفا کلینک سے روزانہ اوسطاً 15 غریب مریض استفادہ کررہے ہیں اور اس کلینک سے جاری کئے گئے صفا میڈیکل کارڈ رکھنے والے مریضوں کو مفت دوائیں دی جاتی ہیں۔ کینسر کے ایک مستحق بیمار کو دوائیوں کیلئے 1000 روپئے امداد دی گئی۔ ایک مسافر کو سفر خرچ کے طور پر 2000 روپئے دیئے گئے۔

## شاخ ساگر کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ ساگر کی جانب سے 50 غریب بیواؤں میں وظائف فارم تقسیم کئے گئے۔ ایک مستحق لڑکی کی شادی میں 6000 روپئے امداد دی گئی۔ ایک ضرورتمند خاتون کو سلائی مشین دی گئی اور انہیں ٹیلرنگ سرٹیفکیٹ بھی دیا گیا۔ سانس کی تکلیف میں مبتلا ایک بیمار خاتون کو 55000 روپئے مالیتی مشین خریدی کیلئے امداد کی گئی۔ دفتر شاخ سے متصل کولڈ فریجر کے صاف اور ٹھنڈے پانی سے روزانہ ہزاروں افراد استفادہ کررہے ہیں۔

## شاخ جنتور کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ جنتور کی جانب سے ایک مستحق لڑکی کی شادی میں 50 کلو چاول دیئے گئے۔ مسجد کے ایک موذن صاحب کو سائیکل دی گئی۔ موسمِ گرما کے پیش نظر چند مساجد میں ٹھنڈے پانی کے جار کا انتظام کیا گیا۔ ایک مسجد میں کیمرے نصب کئے گئے جس میں 3400 روپئے امداد دی گئی۔ دو بیمار اور معذور افراد کو 1500 روپئے دیئے گئے۔

## شاخ گلبرگہ کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ گلبرگہ کی جانب سے ہر ماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 60 غریب بیواؤں اور معذورین میں 26900 روپئے کے وظائف دیئے گئے۔ایک مستحق طالب علم کو اسکول فیس کیلئے 3000 روپئے امداد دی گئی۔ ماہِ رمضان کے بعد پانچ مفت ٹیلرنگ سنٹرس کا دوبارہ آغاز ہوگیا ہے۔دو غریب لڑکیوں کی شادی میں 7000 روپئے دیئے گئے۔

## شاخ سداسیو پیٹ کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ سداسیو پیٹ کے زیر اہتمام گزشتہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 21 غریب بیواؤں و معذورین کو فی کس 300 روپئے جملہ 6300 روپئے کے وظائف دیئے گئے۔ایک مستحق بیمار خاتون کو دوائیوں کیلئے 1000 روپئے امداد دی گئی۔خود روزگار اسکیم برائے خواتین کے تحت جاری تین ٹیلرنگ سنٹرس پر 5000 روپئے خرچ کئے گئے۔

## شاخ شیموگہ کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ شیموگہ کی جانب سے ہر ماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 25 غریب بیواؤں میں فی کس 500 روپئے جملہ 12500 روپئے کے ماہانہ وظائف تقسیم کئے گئے۔عید الفطر کے موقع پر 100 غریب خاندانوں میں 40000 روپئے مالیتی عید کٹس کی تقسیم عمل میں آئی۔ ہاسپٹل میں زیر علاج ایک مستحق بچے کے علاج کیلئے 2500 روپئے کا تعاون کیا گیا۔

## شاخ اوٹنور کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ اوٹنور کی جانب سے 15 مستحق افراد کو فی کس 500 روپئے جملہ 7500 روپئے کے ماہانہ وظائف دیئے گئے۔خواتین کیلئے ٹیلرنگ سنٹر کے پانچویں بیاچ کا آغاز کیا گیا۔ ماہانہ مشاورتی اجلاس منعقد کیا گیا جس میں گزشتہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور آئندہ کے عزائم کئے گئے۔

## شاخ ناگپور کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ ناگپور کی جانب سے چلائے جانے والے تین مختلف کلینکس سے 2202 مستحق بیماروں کی مفت تشخیص کی گئی اور انہیں دوائیں بھی مفت دی گئیں۔اسی طرح صفا پیتھالوجی لیاب سے 106 افراد کے خون کا معائنہ کیا گیا اور مفت تشخیص کے بعد انہیں ادویات بھی مفت دی گئیں۔مختلف بیماریوں میں مبتلا دو غریب بیماروں کی مفت تشخیص اور دوائیوں کے ذریعہ تعاون کیا گیا جس پر 7220 روپئے خرچ ہوئے۔ایک ضرورتمند طالب علم کو فیس کیلئے 5000 روپئے دیئے گئے۔تین غریب لڑکیوں کی شادی میں 6000 روپئے امداد دی گئی۔

## شاخ چیتا پور کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ چیتا پور کی جانب سے ایک غریب بیوہ خاتون کو 500 روپئے ماہانہ وظیفہ دیا گیا۔ شاخ کے تحت قائم مکتب کے معلم کی 1000 روپئے فیس ادا کی گئی۔

## شاخ کرنول کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ کرنول کی جانب سے 5 مستحق بیواؤں میں فی کس 500 روپئے جملہ 2500 روپئے ماہانہ وظائف کی تقسیم عمل میں آئی۔ اس طرح تین مستحق طالبات کو 3000 روپئے امداد دی گئی۔

## شاخ گتی کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ گتی کی جانب سے ایک مستحق طالب علم کو 1350 روپئے امداد دی گئی۔ ایک غریب لڑکی کی شادی میں 3600 روپئے کا تعاون کیا گیا۔

## شاخ خانہ پور کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ خانہ پور کے زیر اہتمام ہر ماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 40 غریب بیواؤں میں فی کس 500 روپئے جملہ 20000 روپئے وظائف کی تقسیم عمل میں آئی۔ دو غریب لڑکیوں کی شادی میں 10000 روپئے مالیتی گھریلو سامان دیا گیا۔ ایک مستحق بیمار لڑکے کو علاج کیلئے 2000 روپئے دیئے گئے۔

## شاخ بھینسہ کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ بھینسہ کی جانب سے ہر ماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 112 مستحق بیواؤں وغرباء میں 33,600 روپئے وظائف کی تقسیم عمل میں آئی۔ اسی طرح گردے کے عارضہ میں مبتلا ایک ضرورتمند بیمار شخص کو علاج کیلئے 2000 روپئے دیئے گئے۔ ایک غریب خاتون کو 2000 روپئے مالیتی اناج دیا گیا۔

گورنمنٹ ایریا ہاسپٹل کے قریب دو واٹر کولرس نصب کئے گئے۔ دو ضرورتمند افراد کو خون کا عطیہ فراہم کیا گیا۔

## شاخ لاتور کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ لاتور کی جانب سے ایک غریب خاتون کو علاج کیلئے 3000 روپئے دیئے گئے۔ تین مستحق لڑکیوں کی شادی میں جزوی امداد کی گئی۔ صفا ٹیلرنگ سنٹر میں 30 خواتین سلائی کی تربیت حاصل کررہی ہیں۔

## شاخ نلگنڈہ کی رفاہی خدمات

ہر ماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 28 مستحق بیواؤں میں فی کس 1900 روپئے مالیتی ماہانہ راشن تقسیم کیا گیا جس پر 56000 روپئے خرچ کئے گئے۔

## شاخ ورنگل کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ ورنگل کی جانب سے 50 مستحق بیواؤں و معذورین میں 17000 روپئے مع کرایہ ماہانہ وظائف کی تقسیم عمل میں آئی۔ اسی طرح تین بیواؤں پر مشتمل ایک خاندان کو 2500 روپئے کا ماہانہ راشن دیا گیا۔ نیز حادثہ کا شکار ایک مزدور کو 2000 روپئے کا ماہانہ راشن دیا گیا۔ چار مستحق لڑکیوں کی شادی میں تین عدد بگونوں کی سیٹ اور 5000 روپئے نقد کے ذریعہ امداد دی گئی۔

## شاخ پداپلی کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ پداپلی کی جانب سے ہر ماہ کی طرح جاریہ ماہ بھی 7 غریب بیواؤں میں فی کس 300

روپئے جملہ 2100 روپئے وظائف کی تقسیم عمل میں آئی۔ایک مستحق لڑکی کی شادی میں 4000 روپئے مالی تعاون کیا گیا۔

## شاخ عثمان آباد کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ عثمان آباد کی جانب سے شہر کے قرب وجوار کے 15 معذور و مستحق افراد میں فی کس 500 روپئے جملہ 7500 روپئے ماہانہ وظائف کی تقسیم عمل میں آئی۔ایک غریب لڑکی کی شادی میں 52 کلو چاول دیئے گئے۔

## شاخ شاہ آباد کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ شاہ آباد کی جانب سے 10 مستحق خواتین کو فی کس 500 روپئے جملہ 5000 روپئے ماہانہ وظائف دیئے گئے۔دو مستحق و یتیم لڑکیوں کی شادی میں 6000 روپئے امداد دی گئی۔

## شاخ عادل آباد کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ عادل آباد کی جانب سے 23 غریب بیواؤں و معذورین میں فی کس 500 روپئے اور ایک مستحق کو 1000 روپئے جملہ 12500 روپئے ماہانہ وظائف تقسیم کئے گئے۔عید الفطر کے موقع پر 20 مستحق گھرانوں میں فی کس 1000 روپئے جملہ 20000 روپئے مالیتی عید پیکیج کی تقسیم عمل میں آئی۔کینسر کے مرض میں مبتلا ایک مستحق خاتون کو 2000 روپئے دیئے گئے۔

## شاخ چنچولی کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ چنچولی کی جانب سے دو مستحق لڑکیوں کی شادی میں 12000 روپئے امداد دی گئی۔

## شاخ بھدراوتی کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ بھدراوتی کی جانب سے 5 غریب خاندانوں کو فی کس 400 روپئے جملہ 2000 روپئے کے ماہانہ وظائف دیئے گئے۔ایک مستحق بیمار کو 500 روپئے امداد دی گئی۔

## شاخ ہمنا آباد کی رفاہی خدمات

صفا بیت المال شاخ ہمنا آباد کی جانب سے خود روزگار اسکیم کے تحت ایک غریب و مستحق بیوہ خاتون کو سلائی مشین دی گئی۔


بے ضرورت سامان سے ضرورت مندوں کی امداد

آپ کے گھر، دُوکان، دفتر میں موجود بے ضرورت سامان و مستعملہ کپڑے، ردی، نیوز پیپرس، لوہا، پلاسٹک، الکٹرانک اشیاء، فرنیچر وغیرہ صفا بیت المال کے حوالے کیجئے تاکہ ان کے ذریعہ ضرورت مندوں کی ضرورت پوری ہوسکے۔

SBM SAFA BAITUL MAAL

Phone : 040-24551314
24551717
9394419820, 9394419821

شاہراہِ انسانیت

# کورونا وائرس اور وبائی امراض

## حقائق ، اسباب اور اسلامی ہدایات

......مولانا سید احمد ومیض ندوی......(سلسلہ وار)

عذاب الٰہی کا سبب بننے والا ایک سنگین گناہ زنا اور بدکاری ہے، گزشتہ سطور میں حدیث گزر چکی ہے کہ جس قوم میں سود اور زنا عام ہوں گے، وہ قوم عذاب الٰہی کی مستحق ٹھہرتی ہے۔

### زنا سے بچنے کی تاکید

زنا اور بدکاری بدترین اخلاقی خرابی ہے، قرآن وحدیث میں اس سے بچنے کی بہت بڑی تاکید آئی ہے، ارشاد ربانی ہے: زنا کے قریب بھی نہ جاؤ، بے شک وہ فحش اور اللہ کی ناراضگی کا سبب ہے اور برا راستہ ہے۔(بنی اسرائیل:۳۲)

### زنا کی سزا

زنا کی سنگینی کا اندازہ لگانے کے لیے اس کی دنیوی سزا کا جان لینا کافی ہے، اللہ تعالیٰ نے اس جرم کی سزا انتہائی سخت رکھی ہے، اگر زانی اور زانیہ شادی شدہ ہوں تو ان کی سزا یہ ہے کہ ہر ایک کو عام مجمع کے سامنے ۱۰۰ کوڑے لگائے جائیں گے، پھر ایک سال کے لیے انہیں شہر بدر کر دیا جائے گا۔ سورۃ النور کی آیت نمبر۲ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: زنا کار عورت اور مرد میں سے ہر ایک کو ۱۰۰ کوڑے لگاؤ اور ان پر یہ حد جاری کرتے ہوئے تمہیں ذرا بھی ترس نہیں کھانا چاہیے؛ اگر تمہیں اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان ہے اور ان کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک جماعت موجود رہنی چاہیے اور اگر زانی اور زانیہ شادی شدہ ہوں تو ان کی سزا رجم (سنگساری) کے بعد مار دینا ہے۔ حضرت عبادہ ابن صامتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کنوارے کے کنواری کے ساتھ زنا کی صورت میں ۱۰۰ کوڑے اور ایک سال کی جلاوطنی کی سزا ہے اور شادی شدہ مرد کے شادی شدہ عورت کے ساتھ زنا کی صورت میں ۱۰۰ کوڑے اور رجم کی سزا ہے۔ (صحیح مسلم، ۱۶۹۰)

### زنا کی اخروی سزا

آخرت میں زنا کار مردوں اور عورتوں کو مختلف سزائیں دی جائیں گی، ایک سزا یہ ہوگی کہ انہیں ننگا کر کے آگ کے ایسے تنور میں جلایا جائے گا کہ جس کے اوپر کا حصہ تنگ اور اندر کا حصہ کشادہ ہوگا، وہ اس میں چیخیں گے، چلائیں گے؛ مگر ان پر کوئی رحم نہیں کیا جائے گا۔ صحیح بخاری میں حضرت سمرہ ابن جندبؓ کی ایک طویل حدیث ہے کہ جس میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رات میرے پاس دو آنے والے (جبرئیل و میکائیل) آئے، مجھے اٹھایا اور اپنے ساتھ چلنے کو کہا، ہم چلتے رہے اور کئی مناظر دیکھتے ہوئے ایک ایسے سوراخ کے پاس پہونچے کہ جو تنور کی طرح تھا اور جس کے اوپر کا حصہ تنگ اور نیچے کا حصہ وسیع تھا، اس میں

نیچے آگ جل رہی تھی، اس میں ننگے مرد اور ننگی عورتیں تھیں، جب آگ بھڑکتی تو اس کی لو کے ساتھ یہ اوپر آجاتے اور قریب ہوتا کہ باہر نکل جائیں اور جب آگ مدھم ہوتی تو یہ بھی اس کی لو کے ساتھ نیچے چلے جاتے۔(الترغیب والترہیب،۳،۸۷)

## زنا کا ایمان پر اثر

زنا کا اثر یہ ہوتا ہے کہ جب تک آدمی زنا میں ملوث رہتا ہے تو اس کا ایمان دل سے نکل کر اس کے سر پر سائبان کی طرح رہتا ہے، حدیث نبوی ﷺ ہے: جب آدمی زنا کرتا ہے تو اس سے ایمان نکال لیا جاتا ہے اور وہ سائبان کی طرح رہتا ہے، جب وہ چھوڑ دیتا ہے تو دوبارہ آجاتا ہے۔

## زنا کے چھ نقصانات

صاحب کتاب الزواجر نے ایک حدیث نقل کی ہے، جس میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے لوگوں کی جماعت! زنا سے بچو؛ کیوں کہ اس میں چھ چیزیں ہیں: تین دنیا میں اور تین آخرت میں، دنیا کے تین نقصانات یہ ہیں: (۱) زانی مرد اور عورت کے چہرے کی رونق ختم ہوجاتی ہے (۲) غربت پیدا ہوجاتی ہے (۳) عمر کم ہوجاتی ہے۔ آخرت میں پیش آنے والی تین چیزیں یہ ہیں: (۱) اللہ تعالیٰ کی ناراضگی (۲) براحساب (۳) دوزخ کا عذاب۔)

## زانی پر لعنت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں بوڑھے زانی پر لعنت کرتے ہیں اور فرمایا: بے شک زنا کرنے والوں کی شرم گاہوں کی بدبو سے دوزخیوں کو تکلیف دی جائے گی۔

## زنا پر اصرار کرنے والوں کا حال

حضرت انس ابن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ زنا پر اصرار کرنے والا بت پرست کی طرح ہے۔(الترغیب والترہیب:۳۶۲۳)

## ابلیس کی شاباشی

ایک حدیث میں وارد ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک ابلیس زمین میں اپنا لشکر بھیجتا ہے اور ان سے یہ کہتا ہے کہ جو تم میں کسی مسلمان کو زیادہ گمراہ کرے گا، اس کو میں تاج پہناؤں گا، ایک شیطان جا کر اپنی کاروائی سناتے ہوئے کہتا ہے کہ میں فلاں کے ساتھ مسلسل لگا رہا، یہاں تک کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی، اس پر ابلیس کہتا ہے کہ یہ تو کوئی کمال نہیں، وہ پھر کسی اور سے شادی کرے گا، پھر دوسرا شیطان آتا ہے اور کہتا ہے کہ میں فلاں کے ساتھ مسلسل لگا رہا، یہاں تک کہ اس کے اور اس کے بھائی کے درمیان دشمنی ڈال دی، ابلیس کہتا ہے کہ یہ تو نے کچھ نہیں کیا، عنقریب وہ صلح کرلیں گے، پھر ایک شیطان آکر کاروائی سناتا ہے کہ وہ مسلسل زنا کروانے کی کوشش کرتا رہا، یہاں تک کہ انہوں نے زنا کرلیا، ابلیس کہتا ہے کہ یہ تو نے اچھا کیا، اس کو قریب کر کے تاج پہناتا ہے۔

## شرک کے بعد سب سے بڑا گناہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شرک کے بعد اللہ کے یہاں سب سے بڑا گناہ آدمی کا اس عورت کے رحم میں نطفہ ڈالنا ہے، جو اس کے لیے حلال نہ تھی۔

## امت کا آدھا عذاب

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس آدمی نے شادی شدہ عورت سے زنا کیا تو ایسے زانی اور زانیہ پر اس امت کا آدھا عذاب ہوگا۔

## زانی کو قتل کرنے کا حکم

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو کسی محرم کے ساتھ زنا کرے، اسے قتل کردو۔

## زانی پر اژدھا مسلط ہوگا

حضرت ابوقتادہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو ایسی عورت کو بستر پر لٹائے، جس کا خاوند موجود نہیں، یعنی کہیں سفر پر گیا ہوا ہے یا اس کی عدم موجودگی سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے، ایسے شخص پر قیامت میں ایک اژدھا مقرر کیا جائے گا، یہ کالا سانپ اس کو ڈسے گا۔ (الترغیب والترہیب: ۳۶۳۳)

## زنا عذاب کو لاتا ہے

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کسی شہر میں زنا اور سود عام ہوجائیں تو ان لوگوں پر اللہ کا عذاب نازل ہونا حلال ہوجاتا ہے۔ (الترغیب والترہیب: ۲۸۵۴) حضرت میمونہؓ فرماتی ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ امت ہمیشہ خیریت سے رہے گی اور اس پر رحمت ہمیشہ سایہ فگن رہے گی، جب تک ان میں ولد الزنا کی کثرت نہ ہوگی، جب حرام کی اولاد کثرت سے پیدا ہونے لگے گی تو پھر اندیشہ ہے کہ تمام امت پر عذاب نازل ہوجائے۔ (مسند احمد، ۲۶۸۳۱)

## ایمان کا لباس اتارلیا جاتا ہے

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایمان کا ایک لباس ہے، اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں لباس پہناتے ہیں، جب کوئی انسان زنا کرتا ہے تو ایمان کا لباس اتارلیا جاتا ہے، پھر جب وہ توبہ کرتا ہے تو اس کو لوٹا دیا جاتا ہے۔ (الترغیب والترہیب)

## زنا کے دنیوی نقصانات

زنا کے دنیوی نقصانات حد شمار سے باہر ہیں، زانی معاشرہ میں ذلیل ورسوا اور لوگوں کی نگاہ سے گرجاتا ہے، زانی کی زندگی سے چین وسکون ختم ہوجاتا ہے، زنا انسان کی صحت کو برباد کردیتا ہے، ایسا شخص ایڈز جیسے جان لیوا مرض میں مبتلا ہوجاتا ہے، زانی خاندانی زندگی سے محروم ہوجاتا ہے، زنا کے اثرات اس کی اولاد پر بھی پڑتے ہیں، لوگ اس کی اولاد سے بھی نفرت کرنے لگتے ہیں، جس قوم میں زنا عام ہوتا ہے، اس میں اموات کی کثرت ہوتی ہے، احادیث رسول ﷺ کے مطابق: زنا پھیلنے کی صورت میں قحط سالی اور مصیبتیں آتی ہیں، زنا کے ذریعہ پیدا ہونے والی اولاد کا نسب مشتبہ ہوتا ہے، جب بچہ کا نسب

مشتبہ ہو جاتا ہے تو اس کی پرورش کا ذمہ دار کوئی مرد نہیں رہتا، اس طرح بچہ کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے، بسا اوقات زنا سے قرار پانے والے حمل کو یا پیدا ہونے والے بچہ کو پھینک دیا جاتا ہے، جس سے قتل جیسا سنگین گناہ لازم آتا ہے، زنا کار عورت سے عام طور پر ایک سے زائد افراد جنسی تعلق قائم کرتے ہیں، جس سے ایڈز کے پھیلنے کا اندیشہ ہوتا ہے، علاوہ ازیں زانیہ خاتون پر ہر زانی اپنا کنٹرول چاہتا ہے، جس سے بالعموم قتل وغارت گری کے واقعات جنم لیتے ہیں، زنا انسان اور حیوان کے درمیان فرق ختم کر دیتا ہے، زنا کے عادی افراد کو کسی خاص عورت سے محبت باقی نہیں رہتی، اسی طرح زانیہ کو بھی کسی خاص مرد سے محبت نہیں ہوتی، ایسے لوگ جانوروں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے جہاں موقع مل جائے، خواہش پوری کر لیتے ہیں۔

## زنا کے اسباب

موجودہ معاشرہ میں زنا کاری اس قدر عام ہے کہ اس وقت نکاح مشکل اور زنا آسان ہو گیا ہے، چند ٹکوں میں آدمی اپنی ہوس پوری کر لیتا ہے، معاشرہ میں زنا کے واقعات اس کثرت سے پیش آ رہے ہیں کہ کوئی اخبار ان سے خالی نہیں ہوتا، زنا کے اس عمومی پھیلاؤ کے چند اسباب ہیں: سب سے بنیادی سبب بے دینی، دین بیزاری اور خوف خدا کا نہ ہونا ہے، اس کے علاوہ فحاشی اور بے حیائی کا عمومی رواج بھی زنا کی ایک بڑی وجہ ہے، اس وقت موبائل اور انٹرنیٹ پر پورنو گرافی اور فحاشی اس قدر عام ہے کہ کم سن بچے تک ان سے محفوظ نہیں ہیں، نوجوان گھنٹوں موبائل پر سیکس کی گندی ویڈیو دیکھتے رہتے ہیں، ٹی وی پر پیش کئے جانے والے پروگراموں میں بھی ننگا ناچ اور بے لباسی اور عریانیت کے مناظر زنا کو فروغ دے رہے ہیں، زنا کے پھیلاؤ کا ایک سبب موجودہ مخلوط نظام تعلیم ہے، اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں لڑکے اور لڑکیوں کا اختلاط زنا کا راستہ ہموار کر رہا ہے، اسی طرح نکاح میں تاخیر بھی زنا کے پھیلاؤ کا ایک سبب ہے نیز خواتین کی بے پردگی اور گھروں میں پردہ کا عدم اہتمام بھی زنا کا ایک سبب ہے۔

## کورونا وائرس۔ چند سبق آموز پہلو

یہ دنیا عبرت گاہ ہے نہ کہ تماشہ گاہ، یہاں رونما ہونے والا ہر حادثہ اپنے اندر عبرت کے ان گنت پہلو رکھتا ہے، اس کے لیے نصیحت پکڑنے والا دل اور نگاہ بصیرت چاہیے، بہت سے واقعات وآفات جو بظاہر عالم انسانی کیلئے مصیبت اور تباہی نظر آتے ہیں؛ مگر ان میں انسانوں کے لیے سبق آموز پہلو پوشیدہ ہوتے ہیں، اہل ایمان کا معاملہ دوسری اقوام سے بالکل مختلف ہے، دنیا میں پیش آنے والا بڑا سا بڑا حادثہ دوسروں کیلئے بے معنی ہوتا ہے، جب کہ مسلمانو کیلئے اس میں غور وفکر اور اصلاح واحتساب کا بے پناہ سامان ہوتا ہے، ارشاد نبوی ﷺ کے مطابق: کافر اور منافق کی مثال اس اونٹ کی سی ہے، جسے اس کے مالک نے پہلے باندھا پھر چھوڑ دیا، وہ نہیں جانتا کہ اسے کیوں باندھا گیا؟ اور پھر کیوں چھوڑا گیا؟ (سنن ابی داؤد) لیکن مؤمن کے لیے

ہر حادثہ سامانِ عبرت ہوتا ہے۔

کورونا وائرس صدی کا ایک ایسا خوفناک حادثہ اور آفت خداوندی ہے ، جس سے پورا عالم انسانی متأثر ہوا ہے، اس نے نہ صرف دنیا کے نقشہ کو بدل کر رکھ دیا ہے ؛ بلکہ سارے نظام عالم کو منجمد کر دیا ہے ، اسے آفت سماوی کہیں یا قہر خداوندی کا نام دیں، جو بھی کہیں آج سارا عالم اس کی لپیٹ میں ہے اور سبھوں پر اسی کی دہشت طاری ہے، پوری دنیا کے ہوش اڑے ہوئے ہیں، سارے عالمی قائدین کی نیندیں حرام ہو چکی ہیں، ہر طرف ہُو کا عالم ہے ،اداسی اور مایوسی چھائی ہوئی ہے، یہ عظیم حادثہ اپنے اندر فکر واحتساب کے ان گنت پہلو رکھتا ہے، اس میں عالم انسانی کے لیے جہاں بہت سے مثبت پہلو پوشیدہ ہیں، وہیں یہ واقعہ اہل ایمان کے لیے سامان عبرت بھی ہے اور اس سے ہمیں بہت سے اسباق حاصل ہوتے ہیں، سطور ذیل میں اس واقعہ سے ملنے والے چند پیغامات اور اس سے حاصل ہونے والے چند اسباق کی نشاندہی کی جا رہی ہے۔

## موت کی یاد

کورونا اور اس جیسی قدرتی آفتوں کا بنیادی پیغام یہ ہے کہ یہ وبائیں انسانوں کو ان کی موت یاد دلاتی ہیں، انسان اپنے بے پناہ وسائل عیش وعشرت اور دنیا کی رنگینیوں میں کھو کر موت سے غافل ہوتا ہے، سو سو برس کا سامان کرتا ہے؛ لیکن اسے پل کی خبر نہیں ہوتی، دنیا کے طاقتور ملکوں کے حکمران اپنے مادی وسائل کے نشہ میں چور ہو کر دوسرے کمزور ملکوں پر آتش وآہن کی برسات کر کے لاکھوں بے قصوروں کو موت کی گھاٹ اتار دیتے ہیں؛ لیکن انہیں اندازہ نہیں کہ موت خود ان سے کتنی قریب ہے ، کورونا وبا نے کئی ترقی یافتہ ملکوں کے حکمرانوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے، برطانیہ کے وزیر اعظم بورس جانسن کورونا کا شکار ہو کر موت وحیات کی کشمکش میں مبتلا ہیں اور بہت سے دیگر امیر ملکوں کے حکمران غیر معمولی اسباب و وسائل کے باوجود اچانک موت کے منہ میں چلے گئے۔

(......جاری ہے)



# حقوق العباد اور خدمتِ خلق

## احادیثِ شریفہ کی روشنی میں

(قسط وار)

مولانا غیاث احمد رشادی

## کمزوروں کے حقوق

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ ﷺ تَحَاجَّتِ الْجَنَّۃُ وَالنَّارُ فَقَالَتِ النَّارُ اُوْثِرْتُ بِالْمُتَکَبِّرِیْنَ وَالْمُتَجَبِّرِیْنَ وَقَالَتِ الْجَنَّۃُ مَالِیْ لَایَدْخُلُنِیْ اِلَّا ضُعَفَاءُ النَّاسِ وَسَقَطُھُمْ قَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی لِلْجَنَّۃِ اَنْتِ رَحْمَتِیْ اَرْحَمُ بِکِ مَنْ اَشَآءُ مِنْ عِبَادِیْ وَقَالَ لِلنَّارِ اِنَّمَا اَنْتِ عَذَابِیْ اُعَذِّبُ بِکِ مَنْ اَشَآءُ مِنْ عِبَادِیْ وَلِکُلِّ وَاحِدَۃٍ مِّنْھُمَا مِلْؤُھَا۔ (بخاری ومسلم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جنت اور دوزخ نے ایک دوسرے سے بحث کی کہ ان دونوں میں افضل کون ہیں؟ دوزخ کی آگ بولی میں اس بنا پر فضیلت رکھتی ہوں کہ متکبر اور ظالم لوگ ہی میرے پاس ہوں گے۔

جنت نے کہا میرے اندر تو صرف وہ لوگ آ سکتے ہیں جو جسمانی اور مالی اعتبار سے کمزور اور عام لوگوں کی نگاہ میں حقیر ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے جنت سے فرمایا تو میری رحمت کی مظہر ہے میں اپنے جن بندوں پر رحمت کرنا چاہوں گا ان کو تیرے حوالہ کردوں گا۔ اور دوزخ سے فرمایا تو عذاب ہے میں اپنے جن بندوں کو سزا دینا چاہوں گا ان کو تیرے سپرد کردوں گا اور ان میں سے ہر ایک بھر جائے گی۔

جنت و دوزخ کی اس گفتگو سے یہ حقیقت سامنے آئی کہ جنت میں زیادہ تر وہ نیک اور خدا ترس غریب جائیں گے جو مالی اور جسمانی اعتبار سے کمزور ہونے کی بناء پر عام لوگوں کی نگاہوں میں حقیر سمجھے جاتے ہیں۔

## کمزوروں کی دعا اور برکت سے طاقتور لوگوں کی مدد

عَنْ مُصْعَبِ بن سَعْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَال رَأَی سَعْدٌ (ابن ابی وقاص) اَنَّ لَہٗ فَضْلًا عَلٰی مَنْ دُوْنَہٗ فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ ھَلْ تُنْصَرُوْنَ وَتُرْزَقُوْنَ اِلَّا بِضُعَفَائِکُمْ. (بخاری)

حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے اپنے بارے میں اس رائے کا اظہار کیا کہ انہیں مالِ غنیمت سے ان لوگوں کے مقابلہ میں زیادہ حصہ ملنا چاہئے جو شجاعت اور قوت میں ان سے کم ہیں، رسولِ رحمت ﷺ نے ارشاد فرمایا دشمن کے مقابلہ میں تمہاری مدد نہیں کی جاتی اور تمہیں رزق نہیں دیا جاتا مگر ان لوگوں کی دعا اور برکت سے رزق دیا جاتا ہے جو تم میں کمزور ہیں۔

اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ سماج کے کمزور طبقات کی دعاؤں اور برکت کی وجہ سے قوت و طاقت رکھنے والوں کی مدد کی جاتی ہے اور انہیں رزق دیا جاتا ہے اسی لئے کمزوروں کو کبھی کمزور اور حقیر نہیں سمجھنا چاہئے، ہمارے اپنے گھروں میں جو ذہنی یا جسمانی معذور و کمزور ہیں ہم بعض اوقات انکی اوقات نہیں سمجھتے اور ان کو حقیر و ذلیل سمجھتے ہیں اور صرف ظاہری اسباب کی دنیا میں انہیں تولا جاتا ہے بلکہ ان کمزوروں اور معذوروں کو بوجھ سمجھا جاتا ہے جبکہ حقیقت میں نظامِ ربانی یہ ہے کہ انہیں کمزوروں اور معذوروں کی دعا اور برکت کی وجہ سے باقی گھر والے اللہ تعالیٰ کی مدد پاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا رزق حاصل کرتے ہیں۔

ترمذی نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث بھی نقل کی ہے کہ

**كَانَ اَخَوَانِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَكَانَ اَحَدُهُمَا يَأْتِي النَّبِيَّ ﷺ وَالْاٰخَرُ يَحْتَرِفُ فَشَكَا الْمُحْتَرِفُ اَخَاهُ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ لَعَلَّكَ تُرْزَقُ بِهٖ.**

رسول اللہ ﷺ کے عہد مبارک میں دو بھائی تھے ،ایک بھائی ہنرمند ہونے کی وجہ سے روزی کماتا تھا اور دوسرا بھائی نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتا رہتا تھا۔ پہلے بھائی نے حضور ﷺ سے اپنے دوسرے بھائی کی شکایت کی کہ وہ کوئی دھندا نہیں کرتا ، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا شاید اس کی وجہ سے تمہیں رزق ملتا ہو۔

ترمذی نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث بھی روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

**اُبْغُوْنِيْ فِيْ ضُعَفَائِكُمْ فَاِنَّمَا تُرْزَقُوْنَ وتُنْصَرُوْنَ بِضُعَفَائِكُمْ۔**

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر تم مجھے راضی اور خوش رکھنا چاہتے ہو تو کمزوروں اور غریبوں کے ساتھ نیک سلوک کرو اور ان کی دلجوئی کرو اور ان کے حقوق ادا کرو یہ بڑے بابرکت لوگ ہیں اور تم ان کمزوروں کے درمیان مجھے پاؤ گے۔

## بوڑھوں کے حقوق

**عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَيَعْرِفْ شَرَفَ كَبِيْرِنَا** ۔(ترمذی وابوداود)

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ اپنے والد شعیب سے اور وہ اپنے دادا حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو آدمی ہمارے چھوٹوں کے ساتھ شفقت کا برتاؤ نہ کرے اور بڑوں کی عزت کا خیال نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

مسلمان کو چاہیئے کہ وہ بڑے اور بوڑھوں کی عزت کا خیال رکھے اور جو لوگ بڑے بوڑھوں کی

عزت اور ان کے اکرام و احترام سے محروم ہیں اور چھوٹوں پر شفقت کرنے سے جن کی زندگی عاری اور خالی ہے وہ اس وعید کو ذہن میں رکھیں کہ رسولِ رحمت ﷺ نے ایسے لوگوں کو اپنی امت سے خارج قرار دیا ہے، یہ غیر معمول وعید اور تنبیہ ہے۔

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ جَاءَ شَیْخٌ یُرِیْدُ النَّبِیَّ ﷺ فَاَبْطَأَ الْقَوْمُ اَنْ یُوَسِّعُوْا لَہٗ فَقَالَ ﷺ لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا وَلَمْ یُوَقِّرْ کَبِیْرَنَا۔ (ترمذی)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک بوڑھے بزرگ آئے وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس پہنچنا چاہتے تھے۔لوگوں نے جو اس وقت حاضر تھے ان کے لئے گنجائش پیدا کرنے میں دیر کی یعنی ایسا نہیں کیا کہ ان کے بڑھاپے کے احترام میں جلدی سے ان کو راستہ دے دیتے اور جگہ خالی کر دیتے ،تو رسولِ رحمت ﷺ نے ارشاد فرمایا ، جو ہمارے چھوٹوں پر شفقت نہ کرے اور ہمارے بڑوں کا احترام نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

معلوم یہ ہوا کہ مجلس میں اگر نوجوان اور بچے بیٹھے ہوئے ہوں اور اس درمیان بڑی عمر کے احباب تشریف لائیں تو ان کا احترام و اکرام کرنا چاہئے اور جلدی سے ان کے لئے جگہ کی گنجائش فراہم کرنی چاہئے۔

عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ مَا اَکْرَمَ شَابٌّ شَیْخًا مِّنْ اَجَلِ سِنِّہٖ اِلَّا قَیَّضَ اللّٰہُ لَہٗ عِنْدَ سِنِّہٖ مَنْ یُکْرِمُہٗ۔ (ترمذی)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو جوان کسی بوڑھے بزرگ کا اس کے بڑھاپے کی وجہ سے ادب واحترام کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس جوان کے بوڑھے ہونے کے وقت ایسے بندے مقرر کرے گا جو اس وقت اس کا ادب و احترام کریں گے۔ جو نوجوان یہ چاہتے ہیں کہ ان کے بڑھاپے میں کوئی ان کا لحاظ رکھے،ان کی خدمت و ادب کرے انہیں اپنی جوانی میں اپنے بڑوں اور بوڑھوں کا اکرام،احترام،ادب اور انکی خدمت کرنا چاہئے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا برکت تمہارے بڑوں کے ساتھ ہے۔(بیہقی)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک اور روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا خیر اور بھلائی تمہارے بڑوں کے ساتھ ہے۔(مجمع الزوائد)

بچوں اور نوجوانوں کو چاہئے کہ اس برکت، خیر اور بھلائی کو اپنے بڑوں سے حاصل کرنے کی تدبیر اور کوشش کریں۔

رسولِ رحمت ﷺ نے قوت و طاقت سے محروم بوڑھی عورت کی جو کسی کے پاس خادمہ کی حیثیت سے کام کرتی تھیں ان کی مالکہ سے سفارش بھی کی ہے، چنانچہ سیرت کی کتابوں میں یہ واقعہ لکھا گیا ہے کہ مدینہ منورہ کی ایک بوڑھی خاتون جو انصار کے گھروں میں کام کیا کرتی تھی،ان کا سودا لانے کے لئے بازار چلی مگر اس کے ضعیف ہاتھوں سے درہم کھو گئے وہ روتی ہوئی بیٹھ گئی۔ نبی رحمت ﷺ کا اس بوڑھی خاتون کے پاس سے گزر ہوا اور آپ ﷺ نے اس سے کیفیت

دریافت کی اور رونے کی وجہ پوچھی، اس نے اپنا حال سنایا۔ رسول رحمت ﷺ نے اس کو درہم بھی دیئے اور اس کے گھر تک پہنچنے میں تاخیر ہونے کی وجہ سے اس کے ساتھ ساتھ انصار کے گھروں تک پہنچ کر اس بوڑھی خاتون کی غلطی کو معاف کر دینے کی سفارش بھی کی۔ اس سفارش کی وجہ سے انصار کی خواتین نے اس کو معاف کر دیا۔ (طبرانی کبیر) یہ ہے بوڑھوں کا لحاظ و احترام اور ان کی خدمت جس سے ہم سب کو سبق حاصل کرنا چاہئے۔

## غریبوں اور مسکینوں کے حقوق

**عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ** ﷺ **قَالَ اِنَّ اَغْبَطَ النَّاسِ عِنْدِیْ مُؤْمِنٌ خَفِیْفُ الْحَاذِ ذُوْحَظٍّ مِنْ صَلٰوۃٍ غَامِضٌ فِی النَّاسِ لَایُوْبَہُ لَہٗ کَانَ رِزْقُہٗ کَفَافًا وَصَبَرَ عَلَیْہِ عُجِّلَتْ مَنِیَّتُہٗ وَقَلَّ تُرَاثُہٗ وَقَلَّتْ بَوَاکِیْہِ۔** (ابن ماجہ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں فرمایا کہ میرے نزدیک سب سے زیادہ قابلِ رشک وہ مومن ہے جس کی ذمہ داریاں کم ہوں اور نماز میں اسے اللہ تعالیٰ سے راز و نیاز کی باتیں کرتے ہوئے لذت و راحت حاصل ہوتی ہو، گمنام ہونے کی بناء پر اس کی پرواہ نہ کی جاتی ہو، اس کی روزی بقدرِ ضرورت ہو اور وہ اسی پر صبر کر کے رہتا ہو، اس کی موت جلد آ گئی ہو اور وہ اپنے پیچھے معمولی ترکہ چھوڑا ہو اور اس کی وفات پر رونے والیاں کم ہوں۔

عموماً ایسے افراد کو قابلِ رشک سمجھا جاتا ہے جن کی ذمہ داریاں زیادہ اور عہدے بڑے ہوں، جو شہرت کی بلندی پر ابھر چکے ہوں، جن کے پاس دولت کا ڈھیر ہو، جو اپنے پیچھے کارخانے، جائیدادیں اور مال و دولت چھوڑ کر جا رہے ہوں، جن کے مرنے پر رونے والوں کی لمبی لمبی قطاریں ہوں، مگر رسولِ رحمت ﷺ نے اس کے برخلاف یہ فرمایا کہ رشک کے قابل وہ مومن ہیں جن کی ذمہ داریاں کم ہوں، جو اپنے رب سے راز و نیاز کی باتیں کرنے میں لذت و راحت حاصل کرتے ہوں، سماج میں ان کی کوئی بڑی حیثیت نہیں بلکہ بقدر ضرورت رزق پر اکتفا اور قناعت کرتے ہوں۔ یہ حالت یقیناً غریبوں اور مسکینوں کی ہوتی ہے اور ایسے لوگ رسولِ رحمت ﷺ کی نگاہ میں قابلِ رشک ہیں۔

**عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ** ﷺ **اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ عَبْدَہُ الْمُؤْمِنَ الْفَقِیْرَ الْمُتَعَفِّفَ اَبَا الْعِیَالِ۔** (ابنِ ماجہ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ اپنے اس مومن بندے سے محبت کرتا ہے جو غریب اور عیالدار ہونے کے باوجود سوال کرنے سے بچتا ہے۔

عفت و عصمت اور عزتِ نفس کے ساتھ جو لوگ زندگی بسر کرتے ہیں اور غربت اور محتاجی نیز کثیر العیال ہونے کے باوجود دوسروں کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے گریز کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ کو ایسے مومن بندے بہت زیادہ محبوب اور پسندیدہ ہیں۔

**عَنْ سَعْدٍ اَنَّہٗ ظَنَّ اَنَّ لَہٗ فَضْلاً عَلٰی مَنْ دُوْنَہٗ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ** ﷺ **فَقَالَ نَبِیُّ اللّٰہِ** ﷺ **اِنَّمَا یَنْصُرُ اللّٰہُ ھٰذِہِ الْاُمَّۃَ بِضَعِیْفِھَا بِدَعْوَتِھِمْ**

وَصَلَاتِهِمْ وَاِخْلَاصِهِمْ۔(نسائی)

حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے یہ سمجھا تھا کہ کمزور صحابہ رضی اللہ عنہم کے مقابلہ میں انہیں مالِ غنیمت سے زیادہ حصہ ملنا چاہئے ، نبی رحمت ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس امت کی مدد فرماتا ہے اور کفار کے مقابلہ میں انکو غلبہ عطا فرماتا ہے اس امت کے کمزور افراد کی دعاء نماز اور اخلاص کی برکت سے۔

**عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ رضی اللہ عنہ اِنَّ مِسْکِیْنَۃً مَرِضَتْ فَاُخْبِرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ بِمَرَضِھَا وکان رسول اللہ ﷺ یَعُوْدُ الْمَسَاکِیْنَ وَیَسْأَلُ عَنْھُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اِذَا مَاتَتْ فَاٰذِنُوْنِیْ فَاُخْرِجَ بِجَنَازَتِھَا لَیْلًا وَکَرِھُوْا اَنْ یُّوْقِظُوْا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَلَمَّا اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اُخْبِرَ بِالَّذِیْ کَانَ مِنْھَا فَقَالَ اَلَمْ اٰمُرْکُمْ اَنْ تُؤْذِنُوْنِیْ بِھَاقَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ کَرِھْنَا اَنْ نُّوْقِظَکَ لَیْلًا فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ حَتّٰی صَفَّ بِالنَّاسِ عَلٰی قَبْرِھَا وَکَبَّرَ اَرْبَعَ تَکْبِیْرَاتٍ.** (نسائی)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ یہ واقعہ نقل کرتے ہیں کہ ایک غریب عورت بیمار ہوئی تو رسول اللہ ﷺ کو اس کے بیمار ہونے کی اطلاع دی گئی۔ رسول اللہ ﷺ غریبوں کی عیادت کرتے اور ان کی خیر و عافیت دریافت فرمایا کرتے تھے۔حضور ﷺ نے فرمایا جب اس کی وفات ہو جائے تو مجھے اس سے مطلع کرنا' رات کو اس کا جنازہ باہر لایا گیا اور اسے دفن کر دیا گیا' صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے اس وقت رسول اللہ ﷺ کو بیدار کرنا پسند نہ کیا۔جب صبح کے وقت حضور ﷺ کو اس غریب عورت کی وفات اور جنازے کے بارے میں بتلایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کیا میں نے تمہیں حکم نہیں دیا تھا کہ مجھے اس کی وفات سے مطلع کرنا۔صحابۂ کرام نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! ہم نے پسند نہیں کیا کہ حضور ﷺ کو رات کے وقت بیدار کریں اور گھر سے باہر آنے کی زحمت دیں پھر آپ ﷺ تشریف لے گئے اور اس کی قبر پر لوگوں کو صف میں کھڑا کیا اور اس کے جنازے پر چار تکبیریں کہیں۔

اس واقعہ سے پتہ چلا کہ رسولِ رحمت ﷺ غریبوں کی عیادت کرتے تھے اور ان کے احوال دریافت فرماتے تھے جبکہ ہم لوگ مالداروں' بڑے بڑے عہدیداروں اور سیاسی یا مذہبی قائدین کی عیادت کرتے ہیں اور ان کی نماز جنازہ میں شرکت کرتے ہیں اور اپنے اڑوس پڑوس میں بیمار ہونے والے غریبوں کی عیادت نہیں کرتے اور نہ ہی ان کی نماز جنازہ میں شرکت کو اہمیت دیتے ہیں۔ہمیں رسولِ رحمت ﷺ کی اس سنت پر عمل پیرا ہونا چاہئے۔

**عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اِنَّ امْرَأَۃً سَوْدَاءَ کَانَتْ تَقُمُّ الْمَسْجِدَ اَوْ شَابًّا فَفَقَدَھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ فَسَأَلَ عَنْھَا اَوْ عَنْہُ فَقَالُوْا مَاتَ قَالَ اَفَلَا کُنْتُمْ اٰذَنْتُمُوْنِیْ قَالَ فَکَاَنَّھُمْ صَغَّرُوْا اَمْرَھَا اَوْ اَمْرَہٗ فَقَالَ دُلُّوْنِیْ عَلٰی قَبْرِہٖ فَدَلُّوْہُ فَصَلّٰی عَلَیْھَا ثُمَّ قَالَ اِنَّ ھٰذِہِ الْقُبُوْرَ مَمْلُوْءَۃٌ ظُلْمَۃً عَلٰی اَھْلِھَا وَاِنَّ اللّٰہَ یُنَوِّرُھَا لَھُمْ بِصَلَاتِیْ عَلَیْھِمْ.** (بخاری ومسلم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ یہ واقعہ نقل کرتے ہیں کہ ایک سیاہ فام عورت یا جوان مسجد میں جھاڑو دیتا تھا یا دیتی تھی، (راوی کو شک ہے کہ وہ عورت تھی یا جوان تھا) رسول اللہ ﷺ نے اسے نہ پایا تو اس کے بارے میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے پوچھا انہوں نے عرض کیا وہ مرگیا ہے یا مرگئی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا تم نے مجھے اس سے آگاہ کیوں نہ کیا؟ راوی کہتے ہیں کہ انہوں نے حضور ﷺ کو اس کی وفات اور جنازے کی اطلاع اس بناء پر نہ دی کہ اس معمولی بات کے لئے حضور ﷺ کی ذات گرامی کو کیوں زحمت دی جائے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا بتاؤ اس کی قبر کہاں ہے! آپ ﷺ کو بتایا گیا تو آپ ﷺ نے اس کی قبر پر نماز جنازہ پڑھی پھر حضور ﷺ نے فرمایا یہ اہل قبور تاریکی میں ڈوبے ہوئے ہوتے ہیں میں ان کے لئے دعا کرتا ہوں تو اللہ تعالیٰ ان کی قبروں کو روشن کر دیتا ہے۔

مسجد میں جھاڑو دینے والے خادموں کو لوگ حقیر خیال کرتے ہیں مگر اس واقعہ پر غور کیجئے کہ رسولِ رحمت ﷺ نے ان کے انتقال کی اطلاع نہ دینے پر تنبیہ کی اور ان کی نماز جنازہ پڑھی۔ اس سے معلوم یہ ہوا کہ غریبوں کی نمازِ جنازہ میں شرکت کرنا بھی سنت ہے جس کا اہتمام افرادِ امت کو کرنا چاہئے۔

## غلاموں، مزدوروں اور نوکروں کے حقوق

**عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لِلْمَمْلُوْكِ طَعَامُهٗ وَكِسْوَتُهٗ وَلَا يُكَلَّفُ مِنَ الْعَمَلِ اِلَّا مَا يُطِيْقُ۔** (مسلم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کھانا کھلانا اور لباس پہنانا غلام کا حق ہے اور یہ بھی اس کا حق ہے کہ اسے ایسے سخت کام کی تکلیف نہ دی جائے جس کو وہ برداشت نہ کر سکے۔

اس حدیث میں غلام، نوکر وغیرہ کا یہ حق بیان کیا گیا ہے کہ اس کے کھانے اور کپڑے کا انتظام کیا جائے، گھر میں نوکر کام کرے یا نوکرانی کام کرے اور کھانا پکائے اور گھر کے سارے افراد وہ کھانا کھائیں اور گھر کے نوکر اور نوکرانی کو اس کھانے سے محروم رکھا جائے جو خود اس نوکر یا نوکرانی نے پکایا اور تیار کیا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ انسانیت کے خلاف ہے، اسی طرح نوکر یا نوکرانی کے لباس کا بھی انتظام کرنا چاہئے اور دوسری بات یہ کہ نوکر یا نوکرانی، مزدور یا غلام یا باندی پر کاموں کا اس قدر بوجھ نہ ڈالا جائے جس کو وہ برداشت نہ کر سکے۔

**عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ **قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِخْوَانُكُمْ جَعَلَهُمُ اللّٰهُ تَحْتَ اَيْدِيْكُمْ فَمَنْ جَعَلَ اللّٰهُ اَخَاهُ تَحْتَ يَدَيْهِ فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَاْكُلُ وَلْيُلْبِسْهُ مِمَّا يَلْبَسُ وَلَا يُكَلِّفُ مِنَ الْعَمَلِ مَا يَغْلِبُهٗ فَاِنْ كَلَّفَهٗ مَا يَغْلِبُهٗ فَلْيُعِنْهُ عَلَيْهِ۔** (بخاری و مسلم)

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا یہ بیچارے غلام تمہارے بھائی ہیں اللہ نے ان کو تمہارا زیر دست (محکوم) بنا دیا ہے تو اللہ تعالیٰ جس کے زیر دست اس

کے کسی بھائی کو کردے تو اس کو چاہیئے کہ اس کو وہ کھلائے جوخود کھاتا ہے اور وہ پہنائے جوخود پہنتا ہے اور اس کو ایسے کام کا مکلّف نہ کرے جو اس کیلئے بہت بھاری ہو اور اگر ایسے کام کا مکلّف کرے تو پھر اس کام میں خود اس کی مدد کرے۔

اس حدیث میں رسولِ رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مزدوروں اور غلاموں کو ہمارا اپنا بھائی قرار دے کر ہمارے دلوں کو نرم کردیا ہے کہ تمہیں ان غلاموں کو اپنا بھائی سمجھنا چاہیئے۔ یہ اور بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تم کو زبردست یعنی حاکم اور ان کو زیردست یعنی محکوم اور غلام بنایا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ رحمت ﷺ نے ارشاد فرمایا جب تم میں سے کسی کا خادم اس کے لئے کھانا تیار کرے پھر وہ اس کے پاس لے کر آئے اور اس نے اس کے پکانے اور بنانے میں گرمی اور دھوئیں کی تکلیف اٹھائی ہے تو آقا کو چاہیئے کہ کھانا تیار کرنے والے اس خادم کو بھی کھانے میں اپنے ساتھ بٹھالے اور وہ بھی کھائے، پس اگر کبھی وہ کھانا تھوڑا ہو جو دونوں کے لئے کافی نہ ہوسکے تو آقا کو چاہیئے کہ اس کھانے میں سے دو ایک لقمے ہی اس خادم کو دے دے۔

یہ ہے وہ تعلیم جو رسولِ رحمت ﷺ نے غلاموں، خادموں اور نوکروں سے متعلق دی ہے۔

(......جاری ہے)


## عجوہ ہوٹل

پرانی حویلی کی پرکشش پیشکش۔ صفا عجوہ ''کوئیز'' انعامی مقابلہ (۱۴۳)

(۱) : خلفائے اربعہ عشرہ مبشرہ میں داخل ہیں یا نہیں؟

(۲) : نماز میں قومہ اور جلسہ، فرض ہے یا واجب؟

(۳) : بھول کر قعدۂ اولیٰ ترک کرنے سے کیا واجب ہوتا ہے؟

(۴) : حضرت درہؓ کس کی بیٹی ہیں؟

(۵) : حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور اُم المومنین حضرت حفصہؓ میں کیا رشتہ ہے؟

اس مہینہ کی ۱۵ تاریخ سے قبل صحیح جوابات دینے والوں کو بطور انعام کتابیں دیئے جائیں گے۔
جوابات کے ساتھ اپنا نام، مکمل پتہ اور فون نمبر لکھ کر اس پتہ پر روانہ کریں:
**Monthly Salsaal-e-Safa** #16-9-408/P/45, Wahed nagar, Old Malakpet, Hyd-36

..................سلسالِ صفا **عجوہ** اسلامی کوئیز نمبر (۱۴۲) کے صحیح جوابات..................

(۱) بہن (۲) بہنیں (۳) رضائی بہن (۴) تقریباً ۴ سال ۸ ماہ (۵) ۲۲ سال

سلسالِ صفا عجوہ اسلامی کوئیز نمبر (۱۴۲) کے صحیح جوابات بھیجنے والوں کے نام

(۱) محمد اکرم۔ٹولی چوکی (۲) ہاشم علی۔رین بازار (۳) فاطمہ بیگم۔ریاست نگر (۴) عبدالماجد۔عیدی بازار (۵) یعقوب علی۔کاچی گوڑہ

دینی مدارس ومکاتب کے طلباء وطالبات کے لیے خصوصی پیشکش

Para 30 WORK BOOK





پارۂ عم ورک بک

پارۂ عم ورک بک حصۂ اول -/60 روپیے

پارۂ عم ورک بک حصۂ دوم -/60 روپیے

دینی مدارس ومکاتب کے طلباء وطالبات کے لیے خصوصی پیشکش





پچاس فیصد ڈسکاونٹ کے ساتھ

نورانی قاعدہ ورک بک حصۂ اول -/60 روپیے

نورانی قاعدہ ورک بک حصۂ دوم -/60 روپیے

اس نمبر پر ربط کریں اور آرڈر دیں : 8019878784